امر بالمعروف ونہی عن المنکر
اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16
بروز منگل 20 اکتوبر 2026 08 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے
شمارہ نمبر: 195

خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبے کے دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین تک بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی، اسکریننگ اور علاج کی سہولیات کی رسائی بہتر بنائی جائے

بریسٹ کینسر کے خلاف جنگ میں آگاہی اور بروقت تشخیص بنیادی اہمیت رکھتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا بریسٹ کینسر سے آگاہی کے ماہ کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے ماہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بریسٹ کینسر کے خلاف موثر جدوجہد کے لیے عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور علاج کی سہولیات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے موثر آگاہی مہمات اور طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بہتر ہو سکتے ہیں، اس لیے خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح دیں اور جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں مستند معالج سے فوری (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے اہم پیشرفت

اسلام آباد (اے این این) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ضروری اشیاء کی برآمدات کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل اور سعودی سفیر کی ملاقات، علاقائی سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

حکومت طلبہ کے روشن مستقبل کیلئے جدید تدریسی طریقوں اور ٹیکنالوجی سے استفادے کے تمام مواقع فراہم کرے گی

وزیراعظم

دانش سکول معیاری تعلیم فراہم کرنے اور تعلیمی انقلاب برپا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، جبکہ جدید تدریسی طریقوں سے تعلیمی شعبے میں مزید بہتری کے مواقع پیدا ہوں گے

مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی سے طلبہ اور اساتذہ کے لیے ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، وزیراعظم کا وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت طلبہ کی معیاری تعلیم اور انہیں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی، وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون سے ملک بھر کے طلبہ، اساتذہ اور نوجوان نسل کو ترقی کے نئے امکانات میسر آئیں گے، جدید تدریسی طریقوں کے ذریعے تعلیمی شعبے میں مزید بہتری کے مواقع تلاش کیے جائیں گے جبکہ دانش سکول تعلیمی انقلاب برپا کرنے اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت تعلیم (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

معاشی ترقی کی شرح پر نظرثانی، معیشت کا حجم 450.4 ارب ڈالر ہوگیا

پاکستان میں فی کس آمدن 1، 896 ڈالر ریکارڈ کی گئی، نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی

اسلام آباد (جی این ایم) گزشتہ مالی سال معاشی ترقی کی شرح پر نظرثانی کر کے 0.05 فیصد کمی کر دی گئی۔ حکومت نے مالی سال 2025-26 کی جی ڈی پی شرح نمو 3.65 فیصد مقرر کر دی، مالی سال 2025-26 میں شرح نمو کا ابتدائی تخمینہ 3.70 (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مسائل کا حل صرف مذاکرات میں ہے

ڈی جی آئی ایس پی آر

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ 3 مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے، تنازعات کے اتار چڑھا کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا

مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے،' لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (اے این این) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا' مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ پاکستان کا موقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آ چکا ہے، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت وپیداوار سے یونیڈو کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے (یونیڈو) کے وفد نے (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

دہشت گردوں کا پورے ملک سے قلع قمع کیا جائیگا، صدر مملکت

آصف علی زرداری کا بلوچستان میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع قلات اور گوادر کے مختلف علاقوں میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش اور ضلع (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد لغاری سردار فاروق احمد خان لغاری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کے پی میں پی ٹی آئی حکومت اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا کرنے کو تیار نہیں تھی: بیرسٹر عقیل

امریکا یا کسی دوسرے ملک کے ساتھ معدنیات کا کوئی لائسنس نہیں ہوا، مولانا فضل الرحمان کے الزامات جھوٹے ہیں

3۔ فروری 2024 تک 3 ہزار 262 جبکہ اس کے بعد 4 ہزار 917 مائننگ لائسنس پی ٹی آئی حکومت نے جاری کیے، وزیر مملکت

اسلام آباد (اے این این) وزیر مملکت قانون بیرسٹر عقیل ملک کا کہنا ہے کہ کے پی میں پی ٹی آئی حکومت اپنی آئینی ذمے داریاں ادا کرنے کو تیار نہیں تھی، افسوس ہے جمعیت علما اسلام کی طرف سے الزامات آ رہے ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ مولانا اور ان کی جماعت نیکٹا ایجنسی کا فیصلہ معدنیات کے لیے کیا گیا، مولانا فضل الرحمان بہت زیرک سیاستدان ہیں، وہ صوبے کی سیکیورٹی پر عدم اطمینان کا اظہار کر چکے تھے، انہوں نے امریکا کا نام بھی لیا کہ ان کو لائسنس دے دیا، مولانا امریکا کے ساتھ (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، جسٹس سید حسن اظہر رضوی وفاقی آئینی عدالت کے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

مذاکرات؛ پی ٹی آئی کورکمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی، اختلافات کھل کر سامنے آ گئے

مذاکرات کی ناکامی جاننے کے لیے اراکین کا فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کا مطالبہ، چیئرمین پی ٹی آئی کا انکار

اسلام آباد (اے این این) حکومت کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے پی ٹی آئی کورکمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ پی ٹی آئی کورکمیٹی نے مذاکرات پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ جب کہ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کمیٹی بنانے سے انکار کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کورکمیٹی اجلاس میں اراکین پارٹی قیادت پر تنقید کرتے رہے۔ اراکین نے لانگ مارچ کی تاریخ سے لے کر (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا قلات وگوادر میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کو خراج تحسین

پسنی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش

لاہور (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین اور پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے 34 سالہ میجر وجاہت وحید شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پیر کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

گورنر راج کا فیصلہ بہت پہلے ہو چکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوا تھے: اسد قیصر

سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما اسد قیصر نے حکومت کی جانب سے مذاکرات کو دکھاوا قرار دے دیا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ لانگ مارچ سے متعلق فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے پر غور ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورکمیٹی اجلاس میں سلمان اکرم راجا نے سہیل آفریدی کو ناکامی کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا، سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، علی امین گنڈاپور بھی (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں: طاہر اشرفی

کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے؛ چیئرمین پاکستان علما کونسل

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں حافظ طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک بھی شامل ہوں گے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ امت مسلمہ کا اتحاد عالم اسلام کے امن و استحکام کی ضمانت (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

نوجوان پاکستان کی معاشی تعمیر میں کردار ادا کریں: احسن اقبال

برآمدات میں اضافہ اور جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اڑان پاکستان پروگرام کی اولین ترجیحات ہیں، احسن اقبال

جامعات کو تحقیق، اختراع اور ٹیکنالوجی کے فروغ سے قومی معیشت کی ترقی کا محرک بننا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ جامعات کو تحقیق، اختراع اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ذریعے قومی معیشت کی ترقی کا محرک بننا ہوگا۔ نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے ماسٹرز کانووکیشن 2026 کی پیر کو منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ پر زور (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں وہیکل انسپکشن اور سرٹیفکیشن سسٹم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کو دہشتگردی کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے: زرین مگسی

قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے اتحاد، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے

ایسے نازک وقت میں مولانا فضل الرحمن کو چاہیے کہ وہ پاک فوج کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کریں، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، سیاحت وثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، ایسے نازک وقت میں مولانا فضل الرحمن کو چاہیے کہ وہ پاک فوج کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کریں۔ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت کو انسداد دہشت گردی کی پالیسی پر اختلافات کا سامنا رہا، تاہم (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک ہی نہیں: نواز شریف

ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام دے

لندن (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لندن میں ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کی۔ پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک ہی نہیں، ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام دے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی دہشتگردی کر رہے ہیں ان کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لندن میں ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کی۔ پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک ہی نہیں، ہمارے (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

جسٹس حسن اظہر رضوی نے بطور قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (اے این این) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب وفاقی آئینی عدالت میں منعقد ہوئی۔ جسٹس عامر فاروق نے جسٹس حسن اظہر رضوی سے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں ججز، عدالتی افسران، اسٹاف اور لاء افسران نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان 19 سے 22 اکتوبر تک آذربائیجان میں ترک دنیا کی آئینی عدالتوں اور آئینی دائرہ اختیار رکھنے والے (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول قلات کا دورہ

خستہ حال کمروں کی مرمت، بک اسٹور کی توسیع اور طالبات کے لیے نئے کمروں کی تعمیر کا اعلان

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول قلات کا دورہ کیا، جہاں ہیڈ مسٹریس یاسمین شاہوانی نے انہیں سکول میں دستیاب تعلیمی سہولیات، درپیش (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کا بی اے مال کوئٹہ کا دورہ، محکمہ ایکسائز کے اسٹال کا معائنہ

محکمہ ایکسائز کی جانب سے آن لائن ٹیکس نظام، ڈیجیٹل سہولیات اور منشیات کی روک تھام پر تفصیلی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد نے بی اے مال کوئٹہ کے دورے کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نمائشی اسٹال کا دورہ کیا، جہاں محکمہ کے افسران نے انہیں مختلف عوامی سہولیات، آن لائن ٹیکس نظام، منشیات کی (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان میں انسانی وسائل کی ترقی پر سرمایہ کاری ناگزیر ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک

اسلام آباد (یو این اے) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ پاکستان بے پناہ ترقیاتی امکانات کا حامل ملک ہے اور تزویراتی محل وقوع، وافر قدرتی وسائل اور نوجوان آبادی میں مسلسل اضافہ سے پیدا ہونے والے امکانات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے ملک میں انسانی وسائل پر سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ یہ بات پاکستان میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فان نے ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے جاری ہونے والی خصوصی ویڈیو میں کہی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی 25 کروڑ آبادی میں تقریباً دو تہائی افراد کی عمر 30 سال سے کم ہے، اس لیے (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

ہم قائداعظم کے پاکستان آئے تھے، کسی نے ہمیں بھٹو کے پاکستان میں دھکیل دیا: خالد مقبول

70 کی دہائی تک کراچی سندھ کا حصہ نہیں تھا، 5 ہزار سال کی تاریخ سے ملک کا کوئی تعلق نہیں

کراچی (اے این این) ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ قائداعظم کے پاکستان میں کراچی ملک کا دارالخلافہ تھا ہم اور ہمارے اجداد قائد کے پاکستان میں آئے تھے لیکن کسی نے ہمیں بھٹو کے پاکستان میں دھکیل دیا۔ گزشتہ روز پارٹی ارکان سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ ایم کیو ایم نے پہلے کیا ہے، پاکستان ہمارے اجداد کی کوششوں سے بنا، قائداعظم کے پاکستان میں کراچی ملک کا دارالخلافہ تھا ہم اور ہمارے اجداد قائد کے پاکستان میں آئے تھے کسی نے ہمیں بھٹو کے پاکستان میں دھکیل دیا، ہمارا معاملہ بھٹو کے پاکستان سے شروع ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 70 کی دہائی تک کراچی سندھ کا حصہ نہیں تھا، 5 ہزار سال کی تاریخ سے ملک کا کوئی تعلق نہیں، جب بھی سندھ کی بات ہوگی یہ لوگ 5 ہزار سال کی تاریخ لا کر رکھ دیتے ہیں۔ خالد مقبول کا کہنا تھا کہ ہم نے ملک وہاں بنایا جہاں ہم رہتے نہیں تھے، اس کے لیے لاکھوں (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایسا کوئی کام نہیں کرنا چاہتا جس سے روس مذاکرات کی میز سے دور چلا جائے، ٹرمپ

روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ اسے مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی کوشش ہے

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جس سے روس مذاکرات سے دور ہو جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ روس کو مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی ایک کوشش ہے۔ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ روس کے حوالے سے ان کا فیصلہ بہت سادہ ہے۔ میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں امن کے لیے مذاکرات کر رہا ہوں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جس سے روس مذاکرات سے دور ہو جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ روس کو مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی ایک کوشش ہے۔ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ روس کے حوالے سے ان کا فیصلہ بہت سادہ ہے۔ میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان: سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کا میجر شہید

گوادر شادی کور میں وران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے این این) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشنز کا سلسلہ شروع کیا، جس کے دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ آئی ای ڈی کے دھماکے میں میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا، جن کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

غزہ میں شدید غذائی بحران کا خدشہ، ڈبلیو ایف پی کا امداد میں ایک تہائی کمی کا اعلان

16 لاکھ کے بجائے 11 لاکھ فلسطینیوں کو غذائی امداد میسر ہوگی، ڈبلیو ایف پی

نیویارک (اے این این) اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (ڈبلیو ایف پی) نے فلسطینیوں کے لیے غذائی امداد میں ایک تہائی کمی کا اعلان کر دیا، جس کے بعد غزہ میں شدید غذائی بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ڈبلیو ایف پی کے مطابق مالی وسائل کی کمی کے باعث اب غزہ میں 16 لاکھ کے بجائے صرف 11 لاکھ افراد کو غذائی امداد فراہم کی جائے گی، جبکہ کھانے کی فراہمی بھی روزانہ کے بجائے ایک دن چھوڑ کر کی جائے گی۔ اسرائیلی ناکہ بندی کے باعث غزہ میں لاکھوں فلسطینیوں کو انحصار امدادی مراکز سے ملنے والی خوراک پر ہے۔ ایسے میں غذائی امداد میں کمی سے متاثرہ افراد کی مشکلات میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (ڈبلیو ایف پی) نے فلسطینیوں کے لیے غذائی امداد میں ایک تہائی کمی کا اعلان کر دیا، جس کے بعد غزہ میں شدید غذائی بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ڈبلیو ایف پی (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی سربراہی میں پاکستانی وفد ایس سی او اجلاس میں شرکت کرے گا

وزیر خارجہ تاجکستان کے وزیراعظم کی دعوت پر دوشنبے جائیں گے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ تنظیم کا دوسرا اعلیٰ ترین فیصلہ ساز ادارہ ہے، جو رکن ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول زادہ کی دعوت پر اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اجلاس میں بیلاروس، چین، قازقستان، کرغزستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے وزرائے اعظم شرکت کریں گے، جبکہ ایران کی نمائندگی نائب صدر اور بھارت کی نمائندگی وزیر خارجہ کریں گے۔ اجلاس میں رکن ممالک کے درمیان اقتصادی، مالیاتی، تجارتی اور سماجی و اقتصادی تعاون، علاقائی رابطہ کاری اور تنظیم کے بجٹ سے متعلق امور کا جائزہ لیا (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر، سیکریٹری میری ٹائم افیئرز محمد خرم آغا چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ اور وزیراعلیٰ بلوچستان کمشنر نسیم الرحمان شہزادہ اینڈ شاؤ فارم کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اقوام متحدہ کے وفد کا دورہ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، نظام میں بہتری پر تبادلہ خیال

وفد نے پراسیکیوشن کے نظام کو مزید موثر، جدید اور عالمی معیار سے ہم آہنگ بنانے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا

لاہور (اے این این) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس میں اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم، یو این او ڈی سی کے وفد نے دورہ کیا، جہاں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب چوہدری عرفان صادق تارڑ سے پراسیکیوشن کے نظام میں بہتری اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس میں یو این او ڈی سی کے وفد کے دورے کے دوران پراسیکیوشن کے نظام کو مزید موثر، جدید اور عالمی معیار سے ہم آہنگ بنانے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ اقوام متحدہ کے وفد میں ارجنٹینا، چین اور امریکہ سے تعلق رکھنے والے قانونی ماہرین شامل تھے، جبکہ ڈائریکٹر جنرل لیگل ایڈ اینڈ جسٹس اتھارٹی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب عرفان صادق تارڑ کا کہنا تھا کہ پنجاب پراسیکیوشن کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے جس سے بروقت انصاف کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ ڈائریکٹر ایڈمن پراسیکیوٹر (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

امر بالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
Daily ETLA-E-AAM Quetta
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

غربت کے خاتمے کا عالمی دن

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غربت کے خاتمے کا عالمی دن ''سب کے لئے محفوظ گھر'' کے عنوان سے منایا گیا۔ اِس موقع پر مختلف سرکاری، غیر سرکاری اور فلاحی اداروں کے زیر اہتمام منعقدہ تقریبات میں غربت کی شرح کم کرنے کے لئے کیے جانے والے اقدامات سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ عالمی سطح پر اِس کو منانے کا بنیادی مقصد دنیا بھر سے غربت اور محرومی کے خاتمے کے علاوہ انسانی حقوق اور وقار کا تحفظ کرنا ہے۔ یاد رہے کہ 17 اکتوبر 1987ء کو فرانس کے شہر پیرس میں ایک لاکھ سے زائد افراد غربت اور بھوک کے شکار لوگوں سے یکجہتی کے لئے جمع ہوئے، بعدازاں، اقوامِ متحدہ نے 1992ء میں اِسے باقاعدہ طور پر عالمی سطح پر منانے کی منظوری دے دی تا کہ دنیا بھر میں غربت کے حوالے سے حساسیت پیدا کی جا سکے، عوامی شعور کو فروغ مل سکے، پسماندہ خاندانوں کے حقوق کا تحفظ ہو اور اُن کے بنیادی انسانی حقوق اور وقار کو بحال کیا جا سکے۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اِس حوالے سے خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ غربت کا خاتمہ محض مالی ہدف نہیں بلکہ بنیادی انسانی حق ہے۔ اُنہوں نے زور دیا کہ تعلیم، صحت، ہُنر اور معاشی مواقع کی فراہمی سے ہی روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے جبکہ حکومت ترقی کے اِس سفر میں کسی کو بھی پیچھے نہیں چھوڑے گی۔ اِس دن کی مناسبت سے بین الاقوامی امدادی تنظیم ''ایکشن اگینسٹ ہنگر'' نے ایک رپورٹ جاری کی جس کے مطابق پاکستان دنیا کے اُن دس ممالک میں شامل ہے جو عالمی بھوک کے بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ ''دنیا کے 10 بڑے غذائی بحران'' کے عنوان سے شائع ہونے والی اِس رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ معاشی اشاریوں میں کچھ بہتری کے باوجود 2026ء کے دوران پاکستان میں ایک کروڑ چھ لاکھ افراد کو انسانی امداد کی شدید ضرورت ہوگی۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ عالمی سطح پر 10 ممالک میں شدید بھوک سے متاثرہ قریباً 17 کروڑ 70 لاکھ افراد مقیم ہیں جبکہ گزشتہ ایک دہائی میں ان افراد کی تعداد دو گُنا ہو چکی ہے۔ اِس وقت دنیا کے 47 ممالک میں 26 کروڑ 60 لاکھ سے زائد افراد غذائی قلت سے نبرد آزما ہیں، بھوک سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں نائیجیریا، کانگو، سوڈان، یمن، افغانستان، میانمار، بنگلہ دیش، پاکستان، جنوبی سوڈان اور شام شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت، خوراک کی بلند قیمتیں، بڑھتے اخراجات، روزگار کے محدود مواقع اور گھریلو آمدنی میں کمی عوام کی قوتِ خرید کو مسلسل متاثر کر رہی ہے جبکہ زرعی اجناس کی ناموافق قیمتوں اور معاشی عدم استحکام نے لوگوں کے ذرائع معاش کو شدید نقصان پہنچایا ہے جس کے نتیجے میں لاکھوں خاندانوں کیلئے مناسب خوراک کا حصول مشکل ہو چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق موسمیاتی آفات، معاشی مشکلات، نقل مکانی اور انسانی امداد کی کمی نے کمزور طبقات کو شدید غذائی عدم تحفظ سے دوچار کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے چند علاقوں میں بدامنی کے باعث ذرائع معاش متاثر ہو رہے ہیں، منڈیوں تک رسائی محدود ہے اور امدادی کارروائیوں میں دشواریاں پیش آ رہی ہیں۔ اِس کے علاوہ ''گلوبل ہنگر انڈیکس'' کے مطابق پاکستان عالمی سطح پر بھوک کے لحاظ سے 122 ممالک میں سے 106 ویں نمبر پر ہے اور اِس کا سکور 25.5 ہے۔ اِن اعداد و شمار کے مطابق ملک کی 16.1 فیصد آبادی غذائی قلت کا شکار ہے اور مستقبل میں اِس شرح میں مزید اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں یہ تلخ حقیقت بھی واضح کی گئی ہے کہ پورے ایشیاء میں افغانستان کے بعد پاکستان اِس بحران سے دوچار ہونے والا دوسرا بڑا ملک ہے۔ دونوں رپورٹیں پاکستان میں بھوک کے بڑھتے ہوئے عفریت کو خطرناک حد تک پھیلا ہوا قرار دیتی ہیں۔ جہاں اِن میں تشویشناک حقائق کا انکشاف کیا گیا ہے، وہاں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ 2018ء سے قبل بھوک کا بحران اِس قدر بے قابو نہیں تھا بلکہ ایک متوازن حد کے اندر تھا تاہم 2018ء کے بعد سے صورتحال میں تیزی سے بگاڑ آنا شروع ہوا۔ پاکستان میں غربت اور بے روزگاری کے بڑھنے کا کوئی ایک سبب نہیں ہے بلکہ اِس کی تہہ میں متعدد عوامل پوشیدہ ہیں جن میں سب سے نمایاں ملک میں جاری سیاسی افراتفری ہے، 2018ء کے بعد سے ملک میں مسلسل سیاسی اکھاڑ پچھاڑ اور عدم استحکام کا ماحول غالب رہا۔ اِسی دوران عالمی وباء کورونا نے بھی تمام ممالک کی طرح پاکستان میں غربت کو مزید بڑھایا اور بے روزگاری کے نئے بحران کو جنم دیا۔ کورونا کے اثرات کم ہونے کے بعد جہاں سیاسی میدان میں نئی تبدیلیاں آئیں، وہاں بدقسمتی سے دہشت گردی کے واقعات میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔ بھارت کے ساتھ تناؤ، دہشت گردی کے معاملات اور معاشی مشکلات سے ابھی سنبھلے بھی نہ تھے کہ خلیجی ممالک میں نئی کشیدگی اور جنگ کا آغاز ہو گیا جس نے توانائی کی بین الاقوامی ترسیل اور سپلائی چین کے نظام کو متاثر کر دیا۔ خطے کے دیگر ممالک بھی اِس سے متاثر ہوئے لیکن پاکستان میں غربت کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا گیا۔ پاکستان اِس وقت ایک ایسے حساس دوراہے پر کھڑا ہے جہاں طویل مدتی پالیسیوں پر عملدرآمد کی شدید ضرورت ہے۔ ماضی میں پائیدار اور یکسانیت پر مبنی پالیسیاں وضع کر لی جاتیں تو معاشی و معاشرتی مسائل کے ساتھ غربت پر کافی حد تک قابو پایا جا سکتا تھا لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں حکومتوں کے تبدیل ہوتے ہی اِس کی تمام سابق پالیسیاں اور منصوبے منسوخ یا تبدیل کر دیے جاتے ہیں جس کا نتیجہ عوامی پیسے کے ضیاع، مہنگائی میں اضافے اور منصوبوں کی لاگت بڑھنے کی صورت میں نکلتا ہے جبکہ اِن کے ثمرات بھی عوام تک نہیں پہنچ پاتے۔ موجودہ حالات میں بے روزگاری، غربت، مہنگائی اور آبادی میں بے تحاشا اضافہ وہ عوامل ہیں جو مل کر ملک کے مستقبل پر انتہائی منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ اب وقت تقریروں کا نہیں بلکہ ٹھوس عملی اقدامات کا ہے۔ پاکستان کو چین سے سیکھنا چاہئے کہ کیسے اُس نے کروڑوں افراد کو غربت سے نکالا۔

مداوا تیرہ شبی کا، بچا ہے یادِ سلف

حالات اور واقعات کے نتائج ہمیشہ ماضی کی دنیا میں لے جاتے ہیں اور ماضی کے تجربات حالات کا رُخ بہتر طریقے سے مستقبل کی طرف موڑتے ہیں۔ ہمارے انفرادی اور اجتماعی حالات اسی ایک حقیقت

نذیر احمد غازی

ثابتہ سے جڑے ہوئے ہیں۔ ماضی کو فراموش کرنا اور حال و مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرنا شکار ہونے کے مترادف ہے۔ آج کے ملکی تازہ ترین واقعات میں طوفان در طوفان حملوں کا سبب یہی ہے، ہماری خانگی تربیت میں اتنا زیادہ جھول ہے کہ شخصیت میں توازن اور اعتدال عنقا ہو چکا ہے، ہر طرف کے ذمہ داران اس طبعی قرار سے بہت دور ہیں جس کے سبب معاملہ فہمی کی اعلیٰ اخلاقی نعمت نصیب ہوتی ہے۔ مسلمان گھرانوں میں بالعموم اور مشرقی گھرانوں میں بالخصوص شخصی تربیت کیلئے والدین کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، جواب مرور زمانہ کے ساتھ کمزور ہوتی جارہی ہے۔ اس کا سبب فسونِ فرنگ ہے یا مادی ترغیبات کا حملہ، فیصلہ بھی ذرا مشکل ہے لیکن آسانی میسر آجاتی ہے جب دورِ جدید کی جدید ترین ایجاد موبائل اور اس کی تفصیلی کارگزاری نسل نو کو اپنی دلفریب کائنات سے متعارف کرواتی ہے۔ ایک عظیم احسان، ایک لافانی اصول اور ایک جاودانی ضابطہ عمرانیات جو رسالت پناہ? کی انسان نواز بارگاہ رحمت سے عطا ہوا ہے۔ وہ یہ ہے کہ ہر نسل نو کو یہ حقیقت سرمدی یاد کروادی جائے کہ کامیابی یا ناکامی کا معیار والدین کے فرمان کی اتباع یا نافرمانی سے وابستہ ہے۔ ایک سائل نے جب رسالت پناہ ? سے والدین کے بارے میں مختصر ترین ہدایت پوچھی تھی تو جواب یہ کہ تیرے لئے جنت کے حصول کا ذریعہ بھی وہی ہیں اور تیرے لئے دوزخ کا سبب بھی وہی ہوں گے۔ اور یہ درست ترین حقیقت ہے کہ جن بچوں کو والدین کی نعمت صحبت اور ادب نصیب ہوتی ہے۔

والدین کی تربیت کے اثرات زندگی کے ہر مرحلے پر نظر آتے ہیں۔ یہ اثرات اپنی ذات کیلئے اور دوسری کے لئے مفید ثابت ہوتے ہیں۔ راقم الحروف کو اپنے ایام ماضی کی یاد میں اپنے والدین کے حسن تربیت کا خیال آج بھی عزم توانا عطا کرتا ہے۔ وقت سحر والدہ سرہانے کھڑی ہو کر اونچی آواز سے کلمہ طیبہ کا ورد کرتی تھیں تو پرسکون اور روحانی ماحول میں آنکھ کھلتی تھی۔ پھر وضو کرنے کے بعد والد گرامی کی انگلی تھامے نماز فجر کی ادائیگی کیلئے جانا اور پھر مسجد میں ہی قرآن شریف کی تعلیم کا سلسلہ شروع ہوتا تھا۔ اس احقر کے والد مرحوم حضرت میاں جی ایک شفیق والد تھے، ان کا ہر لحمہ بچوں کی تربیت میں صرف ہوتا تھا۔ منعم حقیقی نے انکو بہت وسیع اور بلند صلاحیتوں سے نوازا تھا۔ ان کے اجداد میں گزشتہ آٹھ پشتوں سے حفظ قرآن کی نعمت کا سلسلہ متواتر چلا آرہا تھا۔ اس سلسلہ زریں میں چند جید علماء کا نام بھی آتا ہے۔ حضرت میاں جی علیہ الرحمہ نے حفظ قرآن اور دین کا بنیادی علم اپنے والد گرامی ہی سے گھر میں رہ کر حاصل کیا تھا۔ کسب معاش کیلئے معقول زرعی زمین تھی علم دین برائے بندگی تھا، پیشہ ہرگز نہیں تھا۔ میاں جی فرمایا کرتے تھے کہ ہل چلاتے ہوئے قرآن کریم کی مسلسل تلاوت کیا کرتا تھا تو ایک عجب لطف کی کیفیت طاری ہوتی، یوں محسوس ہوتا تھا کہ گویا حرف قرآن روشنی بن کر فضاء میں پھیل رہے ہیں۔ اکثر بچوں کو نصیحت فرمایا کرتے تھے کہ قرآن کی تلاوت بہت زیادہ کرنے سے دِل اور دماغ دونوں ہی تازہ اور مضبوط رہتے ہیں۔ اپنے وطن مالوف کھاریاں سے رمضان المبارک میں تراویح کے لئے امرتسر تشریف لے جاتے تھے۔ امرتسر حفاظ کا ایک بہت بڑا مرکز تھا۔ گھر میں اپنے پوتے پوتیوں اور نواسے نواسیوں کو تلاوت قرآن کی رغبت دلاتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے پوچھا کہ آپ تلاوت پر بہت زور دیتے ہیں، ترجمہ اور تفسیر کی بات کم کرتے ہیں زیرلب مسکرا کر جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے رسالت پناہ? کو جو چار ذمہ داریاں بطور رسول عطا فرمائی ہیں۔ ان میں سب سے پہلے تلاوت قرآن ہے اور قرآن کریم کے الفاظ میں برکت کے ساتھ ایمانی روشنی موجود ہے، شفائے قلبی بھی ان مقدس حروف میں موجود ہے۔ پاک کلمات دلوں میں اترتے ہیں تو قبول حق اور فہم قرآن کی بنیادی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ حضرت میاں جی جب مستقل طور پر لاہور رہائش پذیر ہوئے تو زراعت کا سلسلہ منقطع ہو گیا، زمین سے متعلق امور اپنے بھتیجوں کے سپرد کر دیئے اور خدمت دین کیلئے پوری تندہی سے اپنے آپ کو مصروف کر لیا، لیکن یہاں بھی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے دین کو ذریعہ معاش نہیں بنایا۔ گھی کا کاروبار شروع کر دیا، اپنے طلبہ اور اولاد کی تربیت میں اہم نکتہ یہ پیش نظر ہوتا تھا، گفتگو میں نرمی اور اصلاح میں حکمت اختیار کرتے تھے۔ نصیحت کے وقت الفاظ کا بہترین چناو اور طرز کلام میں شفقت ہوتی تھی۔ میرے والد گرامی حضرت میاں جی رحم? اللہ علیہ بڑے جید حافظ قرآن تھے۔ عید کے دن اکثر اوقات قرآن پاک ہی کی تلاوت کرتے رہتے تھے اور کبھی کبھی دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر آسمان کی طرف بلند کرتے اور آنسو بھری آنکھوں کے دھندلکے میں رندھی ہوئی آواز کے ساتھ شکرانے کے الفاظ ادا کرتے، بچوں کیلئے یہ منظر ذرا نامانوس ہوتا ہے۔ وہ تعجب سے میاں جی کو دیکھتے تو نیم مسکراہٹ کے ساتھ وہ بچوں کو بتاتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے بہت فضل فرمایا کہ ہمیں رمضان میں روزے اور تراویح کی سعادت بخشی اور آج عید کا دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام کا دن ہے اس لئے شکرانہ ادا کرنا چاہئے۔ دوسری جانب اماں جی بچوں کو بڑے پیار سے سویاں کھلاتی تھیں اور محلے سے یتیم بچوں کو بلا کر دوپٹے کے پلو سے رقم نکال کر دیتی تھیں اور نہایت نرم لہجے میں نام لیکر ان سے کہتی تھیں کہ یہ عیدی تمہارے لئے میں نے رکھی ہے۔ میاں جی کا مشرب صوفیانہ تھا۔ اسلئے وہ ہمیشہ اپنے طلبہ کو نصیحت فرماتے کہ جو بات تمہیں پسند آئے اور جو دلیل تمہیں متاثر کرے ضروری نہیں ہے کہ دوسرے کی ذہنی اوقلبی کیفیت تمہارے ہی جیسی ہو۔ اس لئے بحث وتکرار سے بچو۔ آپس میں باوجود اختلاف کے اخلاق اور نرمی کو کبھی ترک نہ کرو۔ میاں جی کے حلقہ، تلامذہ میں بہت سے فیض یافتگان نے بڑے حکومتی مناصب تک رسائی حاصل کی اور وہ ج ادا کرتے تھے کہ آپ کی تربیت سے ہمیں ذہنی وسعت نصیب ہوئی ہے۔ قدیم اساتذہ تعلیم کے ساتھ طلبہ کے اخلاق اور جبلی عادات پر بہت گہری نظر رکھتے تھے۔ اپنا طریقہ یہ تھا کہ رہن سہن اور عمومی عادات میں سادگی کو عملاً فروغ دینے کیلئے بہت کوشش کرتے تھے۔ خوراک اور لباس میں سادگی لیکن حلال وطیب اور نظافت پیش نظر رہتی تھی۔ قارئین کرام! راقم کا یہ فکر مذکور ایک مسلسل تربیت کی وہ خوشگوار امانت ہے جو مجھے میرے والد گرامی حضرت میاں جی? کی عطائے خاص ہے۔ میرے والد گرامی ماہ اکتوبر میں دار فانی کے مسافر ہوئے اور اسی فکر میں خودی کی محافظت کرتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے۔ والدین کی اہمیت اور تربیت کی اہمیت میں آپ بیتی کے کچھ ورق سادہ کتابِ زندگی سے صفحہ ذہن پر آگئے تو یہ آپ کے مطالعہ کی نذر کر دیئے، اس اُمید سے کہ شاید ہمارے روشن ماضی کی کچھ روشنی ہمارے حال کے نوجوانوں اور معاشرے کے فعال کرداروں کو بیدار کرے، قوم اچھے مستقبل کے لئے کروٹ لے اور عزم بیداری کیلئے تیار ہو جائے۔

پاکستان کے پہلے ایئر چیف مارشل محمد اصغر خان

محمد اصغر خان 17 جنوری 1921ء کو جموں و کشمیر میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق ایک عسکری روایت رکھنے والے

اسلم لودھی

خاندان سے تھا۔ ان کے والد بریگیڈیئر رحمت اللہ خان فوج سے وابستہ تھے۔ اصغر خان کے خاندانی پس منظر کو عموماً آفریدی قبیلے کی ملک دین خیل شاخ اور وادیِ تیراہ سے جوڑا جاتا ہے۔ یہی پس منظر ان کی شخصیت میں جرائت، سادگی، خودداری اور نظم وضبط کی جھلک پیدا کرتا ہے۔ اصغر خان نے دسمبر 1940ء میں شاہی بھارتی فضائیہ میں شمولیت اختیار کی۔ وہ صرف ایک عام ہواباز نہ تھے، بلکہ دوسری جنگِ عظیم کے زمانے میں عملی جنگی تجربہ حاصل کرنیوالے ا?ن افسروں میں شامل تھے جنہوں نے برما کے محاذ پر گرانقدر فضائی خدمات انجام دیں۔ اُس دور میں ہوابازی صرف ایک پیشہ نہیں تھی؛ یہ جرائت، اعصاب، فیصلہ سازی اور موت کے سامنے حوصلہ قائم رکھنے کا نام تھا۔ اصغر خان نے نوجوانی ہی میں یہ سب کچھ دیکھا، سمجھا اور سیکھا۔ قیامِ پاکستان کے بعد جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو پاکستان کو بہت محدود وسائل ملے۔ نئی ریاست کے پاس بڑے خواب تھے، مگر ساز وسامان نہ ہونے کے برابر تھا۔ فضائیہ کو طیاروں، اڈوں، تربیت یافتہ عملے، فنی ڈھانچے اور ادارہ جاتی نظم وضبط کی شدید ضرورت تھی۔ ایسے وقت میں اصغر خان جیسے باصلاحیت افسر پاکستان کیلئے نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوئے۔ وہ پاکستانی فضائیہ میں شامل ہوئے اور رسالپور میں فضائی تربیت کے نظام کو منظّم کرنے کی ذمہ داری سنبھالی۔ وہ پاکستان فضائیہ اکیڈمی، (جو اُس وقت شاہی پاکستانی فضائیہ کالج کے نام سے جانی جاتی تھی) کے پہلے کمانڈنٹ مقرر ہوئے۔ رسالپور اس لئے بھی تاریخی اہمیت کا حامل ہے کہ یہاں سے پاکستان کے ابتدائی فضائی شاہینوں کی تربیت شروع ہوئی۔ یہی وہ مقام تھا جہاں 13 اپریل 1948ء کو قائداعظم محمد علی جناح ? تشریف لائے۔ اُس وقت محمد اصغر خان ونگ کمانڈر تھے۔ انہوں نے قائداعظم ? کا شاندار استقبال کیا۔ اس وقت قائداعظم ? کی صحت کمزور ہو چکی تھی، مگر وہ اپنی نومولود فضائیہ کے نوجوانوں سے ملنے آئے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ کسی آزاد ریاست کی بقا صرف سیاسی نعروں سے نہیں، بلکہ مضبوط دفاع، منظّم اداروں اور باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ممکن ہے۔ یہ منظر تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا، ایک طرف بانی پاکستان، جنہوں نے قوم کو آزادی دلائی، دوسری طرف ایک نوجوان فضائی افسر، جس نے آنے والے برسوں میں پاک فضائیہ کو مضبوط بنیادوں پر کھڑا کرنا تھا۔ یہ دراصل دو نسلوں کا مکالمہ ہے، ایک نسل جس نے پاکستان بنایا اور دوسری نسل جس نے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کرنا تھا۔ 1957ء میں اصغر خان صرف 36 سال کی عمر میں پاک فضائیہ کے کمانڈر اِن چیف بنے۔ یہ ان کیلئے ایک غیر معمولی اعزاز تھا۔ وہ پاک فضائیہ کے پہلے پاکستانی سربراہ تھے۔ اُن سے پہلے فضائیہ کی قیادت برطانوی افسروں کے پاس تھی۔ اصغر خان کی تقرری صرف ایک عہدے کی تبدیلی نہیں، بلکہ یہ اس بات کا اعلان تھا کہ پاکستان اب اپنے دفاعی اداروں کی قیادت خود سنبھالنے کے قابل ہو چکا ہے۔ اصغر خان کا اصل کارنامہ یہ نہیں تھا کہ وہ کم عمری میں فضائیہ کے سربراہ بنے۔ ان کا اصل کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے ایک کمزور، محدود اور نوآموز فضائی قوت کو ایک منظّم، جدید اور بااعتماد ادارے میں بدلنے کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے تربیت، نظم وضبط، فنی مہارت، پیشہ ورانہ معیار اور جنگی تیاری کو پاک فضائیہ کی پہچان بنایا۔ اُن کے دور میں پاک فضائیہ نے جدید طیاروں، بہتر تربیتی نظام، فنی اداروں اور اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار کی طرف قدم بڑھائے۔ انہوں نے صرف پائلٹ نہیں بنائے، بلکہ شاندار فضائی تکنیک پیدا کی۔ انہوں نے صرف ہوائی اڈے نہیں بنائے، بلکہ ایک جدید اور متحرک دفاعی ادارہ کھڑا کیا۔ انہوں نے صرف طیارے نہیں دیکھے بلکہ اُن کے پیچھے کھڑے نظام، عملے، انجینئرنگ، تربیت اور قیادت کو مضبوط کیا۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں ''بابائے پاکستان فضائیہ'' کہا جاتا ہے۔ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ اصغر خان کی قیادت میں پاکستان فضائیہ میں وہ پیشہ ورانہ روح پیدا ہوئی جس نے بعد کے برسوں میں فضائیہ کو غیر معمولی اعتماد دیا۔ 1965ء کی جنگ کے وقت اگرچہ اصغر خان فضائیہ کی کمان چھوڑ چکے تھے، مگر پاکستان فضائیہ جس نظم، تربیت اور اعتماد کیساتھ سامنے آئی، اس کی بنیادوں میں اصغر خان کی محنت، وژن اور تربیتی فلسفہ واضح طور پر موجود تھا۔ بعدازاں اصغر خان پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز سے بھی وابستہ رہے۔ پی آئی اے کے حوالے سے ان کا نام آج بھی عزت سے لیا جاتا ہے۔ اُس زمانے میں پی آئی اے پاکستان کی شناخت، وقار اور معیار کی علامت سمجھی جاتی تھی۔ اصغر خان نے وہاں بھی وہی اصول اپنائے جو انہوں نے پاک فضائیہ کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کیلئے اپنائے تھے۔ ایک مشہور مقدمہ بھی انہی کے نام سے منسوب ہوا، جس میں انہوں نے 1990ء کے انتخابات میں مبینہ سیاسی رقوم کی تقسیم کیخلاف عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ یہ قدم اس بات کی علامت تھا کہ اصغر خان صرف فوجی نظم وضبط کے آدمی نہیں تھے، بلکہ وہ قومی سیاست میں شفافیت، آئینی بالادستی اور عوامی حقِ نمائندگی پر یقین رکھتے تھے۔ ایئر مارشل اصغر خان کی شخصیت کو سمجھنے کیلئے ایک جملہ کافی ہے۔ وہ عہدے سے بڑے نہیں ہوئے، بلکہ عہدے اُن کے کردار سے بڑے دکھائی دینے لگے تھے۔ انہوں نے فضائیہ میں رہ کر ادارہ بنایا، پی آئی اے میں جا کر معیار کی سطح بلند کی، سیاست میں آ کر اصول کی بات کی، اور زندگی کے آخری وقت تک سادگی، دیانت اور وقار کو اپنا سرمایہ حیات بنائے رکھا۔ 5 جنوری 2018ء کو ایئر مارشل محمد اصغر خان اس دنیا سے رخصت ہوئے، مگر وہ تاریخ میں ہمیشہ ایک متحرک اور جرائت مند ایئر چیف کی حیثیت سے زندہ رہیں گے۔ پاکستان میں انہیں ایک ایسے معمار کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جس نے پاکستان فضائیہ کی بنیادوں میں اپنا کردار، اپنی محنت اور اپنا ویڑن شامل کیا۔ 2017ء میں رسالپور کی پاکستان فضائیہ اکیڈمی کو ا?ن کے نام سے منسوب کیا گیا۔ یہ محض ایک نام کی تبدیلی نہ تھی بلکہ یہ ایک قومی اعتراف تھا کہ اس ادارے کی تاریخ میں اصغر خان کا نام اور مقام ہمیشہ سر بلند رہے گا۔ آج جب ہم قائداعظم ? کے ساتھ اصغر خان کی تاریخی تصویر دیکھتے ہیں تو ہمیں صرف ماضی نہیں دیکھنا چاہئے۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہئے کہ قومیں شخصیات کے نعروں سے نہیں، کردار کے نمونوں سے بنتی ہیں۔ اصغر خان ایک ایسا ہی نمونہ تھے۔ ایک بہترین سپاہی، ایک کامیاب ہواباز، ایک پروقار منتظم، ایک اصول پسند سیاستدان اور سب سے بڑھ کر ایک باکردار پاکستانی تھے۔ اللہ تعالیٰ ایئر مارشل محمد اصغر خان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے، اور ہمیں ایسے کرداروں کو صرف تصویروں میں نہیں بلکہ قومی زندگی کے اصولوں میں زندہ رکھنے کی توفیق دے۔ آمین۔

سیاست کے انداز بدل گئے

لڑکپن کی یادوں میں ایک یاد یہ بھی

نسیم شاہد

ہے کہ ہم سیاسی رہنماؤں کے بہت دیوانے ہوا کرتے تھے، ملتان کینٹ کے صدر بازار میں رہائش تھی اور اُس سے کچھ ہی فاصلے پر کھر ہاؤس ہوتا تھا۔ آج یہ ویران پڑا ہے، اس کھر ہاؤس میں سیاست کی بڑی گہما گہمی ہوتی تھی۔ غلام مصطفٰے کھر پیپلز پارٹی میں تھے تو یہ جگہ گویا پیپلز پارٹی کی سرگرمیوں کا مرکز تھی، سونے پہ سہاگہ گھر کے تقریباً سامنے ہی گٹ فٹ ٹیلر نام کی دکان تھی یہ دکان کم اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز زیادہ تھی، پیپلز پارٹی کینٹ کا دفتر ہونے کی وجہ سے زیادہ وقت وہیں گذرتا تھا۔ پھر ایک دن یہ شور مچا کہ ذوالفقار علی بھٹو کھر ہاؤس آ رہے ہیں ہم نوجوان دوستوں نے بھی صبح سویرے وہاں ڈیرے ڈال دیئے۔ اچھی بات یہ تھی پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر اندر جانے کی کھلی اجازت تھی۔ آج جیسی ہٹو بچو بھی نہیں تھی اور اُس دن خاصا میلہ سا لگا ہوا تھا۔ اِس سے پہلے ذوالفقار علی بھٹو پرانا شجاع آباد روڈ پر نواب صادق حسین قریشی جو بعد میں وزیراعلیٰ بھی بنے، کے وائٹ ہاؤس میں رہنماؤں اور کارکنوں سے ملتے تھے۔ اُس زمانے میں ایک چھوٹے سے سیاسی رہنما کی بھی بہت عزت ہوتی تھی، کارکن بھی اُسے رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ یہ صحیح معنوں میں سیاست کا عروج تھا، کرپشن کی کہانیاں بہت کم سننے کو ملتی تھیں، عام سیاسی رہنما لوگوں کی خدمت کر کے جو عزت ملتی تھی، اُس پر خوش ہوتے تھے۔ کسی تھانے میں کوئی پارٹی عہدیدار چلا جاتا تو اس کی بے عزتی نہیں شنوائی ہوتی تھی۔ افسر بھی اُن کی بات سنتے تھے، آج کل کی طرح نہیں کہ ارکان اسمبلی دہائی دے رہے ہیں کہ افسر اُن کی بات نہیں سنتے، اُلٹا بدزبانی کرتے ہیں، اس ضمن میں تحاریک استحقاق بھی پیش ہو رہی ہیں اور وہاں بھی پولیس اور انتظامی افسروں کی گردن نیچے نہیں آ رہی۔ سیاست اِس حال تک کیسے پہنچی، یہ کہانی سب کے سامنے ہے۔ سیاست پر انتظامیہ کا غلبہ نہ صرف سیاستدانوں کے لئے باعث ہزیمت ہے بلکہ عوام بھی گویا بے آسرا ہو گئے ہیں اور انتظامی و پولیس افسروں کے رحم وکرم پر ہیں۔ مجھے نصف صدی پہلے کا وہ واقعہ یاد ہے جب تھانہ کینٹ ملتان کی پولیس نے دو سیاسی کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ پیپلز پارٹی کینٹ کے ایک رہنما خورشید خان تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے کارکن اکٹھے کر کے تھانے کے سامنے دھرنا دے دیا۔ آدھا گھنٹہ نہیں گذرا ہو گا کہ ملتان کے ایس ایس پی، پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر اور ڈپٹی کمشنر موقع پر پہنچ گئے، بات گورنر ہاؤس لاہور تک پہنچ گئی جہاں غلام مصطفٰے کھر بیٹھے تھے۔ سیاسی کارکنوں پر تشدد گویا ایک بہت بڑا واقعہ تھا۔ موقع پر تفتیش ہوئی، قصور پولیس والوں کا نکلا، کارکنوں کی رہائی ہوئی اور پولیس والے معطل کر دیئے گئے۔ اس واقعہ کا بہت دنوں تک چرچا رہا اور پیپلز پارٹی کے کارکن پھولے نہ سمائے پھرتے تھے۔ آج کے نہیں پچھلے کئی دہائیوں کے حالات کو دیکھیں تو آپ کو فرق صاف نظر آئے گا۔ اب بس کارکن ہی رہ گئے ہیں ماریں کھانے اور جیل جانے کیلئے۔ رفتہ رفتہ حالات کا پانسہ یوں بھی پلٹا کہ سیاسی رہنماؤں نے ریاست کی طاقت کو سیاست سمجھ لیا، حالانکہ سیاست عوام سے ہوتی ہے، عوام کے لئے ہوتی ہے۔ آج حالات یہ ہیں کہ پارٹیوں کے رہنما اور ارکان اسمبلی وزیراعلیٰ سے یہ شکایت کرتے ہیں کہ ضلع یا ڈویژن کا افسر انہیں ملاقات کا وقت نہیں دیتا، پھر اُس خبر کو ایسے پھیلاتے ہیں جیسے سیاست کا انحصار اُسی پر ہو، جس رکن اسمبلی کے ساتھ پانچ دس کارکن نظر نہ آئیں، وہ صرف یہ چاہتا ہے ڈی سی او، ڈی پی او اُسے صبح وشام سلام کر کے، ڈیرے پر حاضری دے، میں نے خود ایک رکن اسمبلی کی بے بسی چند روز پہلے دیکھی۔ ایک غریب آدم اپنی فیملی کے ساتھ اُس کے ڈیرے پر بیٹھا ہوا تھا۔ مجھے ایک دوست کے ساتھ کسی تقریب میں جانا تھا۔ اُس نے کہا رکن اسمبلی سے ایک کام ہے راستے سے ہو لیتے ہیں۔ وہ غریب فیملی اُسے بتا رہی تھی ہم آپ کے ووٹرز ہیں ایک بدمعاش نے ہمارے گھر پر قبضہ کر لیا ہے اور دو بیٹوں کو بھی تشدد کر کے پولیس کے حوالے کیا ہے۔ اب پولیس والے ہمارے خلاف ہی پرچہ دے رہے ہیں۔ ایسی بات اگر دو دہائی پہلے کسی رکن اسمبلی کے سامنے ہوتی، رکن اسمبلی کو تو چھوڑیں ایک عام پارٹی عہدیدار کے علم میں بھی آتی تو وہ اُٹھ کر اُن کے ساتھ ہو لیتا، مگر میں نے خود یہ جملہ سنا، بابا افسر میرا واقف نہیں، تم کوئی اچھا وکیل کر کے عدالت میں کیس کر دو۔ میں یہ سن کہ حیران رہ گیا۔ ایک غریب آدم جس کی حالت بتا رہی ہے کہ دو وقت کی روٹی مشکل سے پکتی ہوگی، اُسے یہ مشورہ دینا کہ اچھا وکیل کر لو پرلے درجے کی سفا کی ہے۔ ساتھ ہی فرمایا مجھے ایک کھانے پر جانا ہے اس لئے تم خود ڈی پی او کے پاس چلے جاؤ، وہ تمہاری بات سنے گا۔ ساتھ ہی میں نے اپنے دوست کے کان میں کہا یہاں سے چلو، مجھے تو اُبکائی آنے لگی ہے۔ سیاست ایک چین کے سہارے کام کرتی ہے یہ اوپر لگایا گیا پودا نہیں ہے۔ عوام، سیاسی کارکن، پارٹی عہدیدار اور رکن اسمبلی، اس چین کے اجزاء ہیں۔ جب تک ارکان اسمبلی عوام، کارکنوں اور پارٹی عہدیداروں کی دسترس میں ہوتے تھے سیاست کی زنجیر مضبوط تھی، اب صرف بات رکن اسمبلی تک رہ گئی ہے۔ اس کے اپنے ذاتی کام اور مفادات ہی اتنے ہوتے ہیں کہ وہ بار بار عوام کے لئے کام کر کے اپنی سفارشیں ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ اپوزیشن کے ارکان اسمبلی تو ویسے ہی گواچی گاں بن جاتے ہیں

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا، دورے کے دوران سیکرٹری ایپکس کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے وفد کو ون ونڈو سہولت کاری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی۔ ڈچ وفد کو کراچی انڈسٹریل پارک اور بن قاسم انڈسٹریل پارک سمیت خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس کے تحت تجارت اور کاروباری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ سے برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 2

طبی مشورہ حاصل کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ بیماری کی علامات کو نظر انداز کرنے کے بجائے بروقت طبی معائنہ اور مناسب علاج کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متعلق خوف، غلط فہمیوں اور سماجی جھجک کو ختم کرنے کے لیے موثر آگاہی مہمات چلانا ضروری ہے تاکہ خواتین بلاخوف اپنی صحت کے مسائل پر بات کرسکیں اور بروقت طبی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکیں۔ وزیراعلی بلوچستان نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین تک بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی، اسکریننگ اور علاج کی سہولیات کی رسائی بہتر بنائی جائے تاکہ تمام خواتین کو بروقت تشخیص اور علاج کے یکساں مواقع میسر آسکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متاثرہ خواتین کو خوف اور تنہائی کا شکار ہونے کے بجائے حوصلہ، ہمدردی اور بھرپور سماجی تعاون فراہم کیا جانا چاہیے۔ اس سلسلے میں خاندانوں، طبی ماہرین، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آگاہی، بروقت تشخیص اور علاج تک رسائی خواتین کے لیے امید اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہیں۔ حکومت بلوچستان خواتین کی صحت کے تحفظ اور بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے۔

بقیہ 3

اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے گوتھ اے آئی کی جانب سے پاکستان کو ابتدائی طور پر 4 ہزار تعلیمی سبسکرپشنز فراہم کرنے کے اعلان کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان میں سے ایک ہزار سبسکرپشنز دانش سکول کری، اسلام آباد کے اساتذہ کے لیے مختص کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے گوتھ اے آئی کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تعاون ترقی، خوشحالی اور باہمی تعلقات کے فروغ کی جانب ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوگا اور مستقبل میں جدید تکنیکوں اور ٹیکنالوجیز سے استفادے کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے دانش سکول کری کے اساتذہ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ سکول کے دورے کے دوران ان کی بعض اساتذہ سے ملاقات ہوئی تھی تاہم وہ تمام اساتذہ سے ملاقات کرنا چاہیں گے۔ وزیراعظم نے سکول کے پرنسپل کی تعیناتی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں پرنسپل اس لیے منتخب کیا گیا کہ وہ ایک قابل اور شاندار شخصیت ہیں اور دانش سکول کری میں تعلیمی انقلاب لانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں اور انہیں پورا یقین ہے کہ دانش سکول کے طلبہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش سکول کری میں طلبہ کو نہ صرف تمام ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں بلکہ یہ سہولیات اس تعلیمی ڈھانچے سے بھی بہتر ہیں جو انہوں نے پنجاب میں قائم کیا تھا۔ طلبہ سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی نے انہیں ایک شاندار تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا ہے اور اس میں ان کے والدین کی دعاؤں کا بھی اہم کردار ہے، سکول میں خوراک، رہائش، بورڈنگ اور لاجنگ، مفت یونیفارم، ای لائبریریوں اور دیگر لیبارٹریوں سمیت تمام ضروری سہولیات موجود ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو یقین دلایا کہ ان کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے وسائل کی کوئی کمی نہیں ہونے دی جائے گی اور حکومت ان کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ، وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں، وزیر مملکت وجیہہ قمر، سی ای او گوتھ اے آئی اور پرنسپل دانش سکول کری اسلام آباد سمیت طلبہ اور اساتذہ نے شرکت کی۔

بقیہ 4

فیصد تھا۔ نیشنل اکائونٹس کمیٹی کے مطابق پاکستان کی معیشت کا حجم 450.4 ارب ڈالر ہوگیا، پاکستان میں فی کس آمدن 1، 896 ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ مالی سال 2025-26 میں زراعت کے شعبے کی شرح نمو 3.5 فیصد رہی، خدمات کے شعبے میں شرح نمو 3.81 فیصد ریکارڈ کی گئی، صنعتی شعبے کی شرح نمو 3.34 فیصد رہی۔ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی معیشت کا حجم 126.4 کھرب روپے ہوگیا، مالی سال 2025-26 میں فی کس آمدن 5 لاکھ 31 ہزار 897 روپے رہی۔ مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 3.89 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق دوسری سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 4.31 فیصد ریکارڈ کی گئی، تیسری سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 4.42 فیصد رہی۔ مالی سال 2025-26 کی آخری سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 2 فیصد رہی۔ مالی سال 2025-26 میں زراعت کے شعبے کی شرح نمو 3.50 فیصد رہی۔

بقیہ 5

قیادت میں شدید غم وغصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ 3 مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے، تنازعات کے اتار چڑھا کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ مشرقِ وسطی کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مذاکراتی حل میں ناکامی، فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا، مکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے کہ اس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں، یہ اتحاد کسی خاص ملک کے خلاف نہیں، اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے یہ بھی کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ خطے میں امن، استحکام، خوش حالی پر یقین رکھتے ہیں، مسلمانوں کو آپس میں لڑنے کے بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 6

ملاقات کی جس میں صنعتی ترقی، بین الاقوامی تعاون، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارتِ صنعت و پیداوار کے مطابق ملاقات کے دوران ہارون اختر خان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اس وژن کو اجاگر کیا جس کا مقصد پائیدار صنعتی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور معاشی خود انحصاری کے ذریعے پاکستان کو ایک مضبوط اور برآمدات پر مبنی صنعتی معیشت میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان صنعتی ترقی، معاشی استحکام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کی بڑی نوجوان آبادی ایک اہم قومی اثاثہ ہے، تاہم صنعتی ترقی کے بغیر پائیدار معاشی پیش رفت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا ممکن نہیں۔

بقیہ 7

گوادر کے علاقے شادی کور میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے وطنِ عزیز کے دفاع اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے میجر وجاہت وحید کی عظیم قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور شہید کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ صدرِ مملکت نے ملک کے امن و استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کی مسلسل قربانیوں اور پیشہ ورانہ خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 8

ایمرجنسی لگنے تک جو کچھ ہوا اس پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کا کہہ دیا۔ ذرائع کے مطابق اراکین کا کہنا تھا کہ ہمیں اکثر ملاقاتوں کا علم ہی نہیں تھا۔ بہت سی باتیں ہم سے چھپائی گئیں۔ مذاکرات کی ناکامی کی وجہ کون بنا اس کے لیے کمیٹی بنائیں۔ راکین کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ کی تاریخ سے لے کر جب تک ایمرجنسی لگی، تب تک کی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنائی جائے۔ کمیٹی فیصلہ کرے گی کہ کس کی غلطی ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کمیٹی بنانے سے انکار کر دیا۔

بقیہ 9

وزیراعظم نے کہا کہ میجر وجاہت وحید نے وطنِ عزیز کی حفاظت کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا قوم کو اپنے اس بہادر سپوت پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے شہید میجر کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار اور شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے ایپکس کمیٹی کے وژن عزمِ استحکام کے تحت غیر ملکی سرپرست یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کا عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 10

معدنیات کا لائسنس سامنے لائیں۔ عقیل ملک نے کہا کہ امریکا یا کسی ملک کیساتھ کوئی معدنیات کا لائسنس نہیں ہوا، یہ جھوٹ اور من گھڑت بات ہے، مولانا کے الزامات کی تردید کرتے ہیں، فروری 2024 تک 3 ہزار 262 مائننگ لائسنس دیے گئے، 2024 کے بعد اب تک 4 ہزار 917 لائسنس دیے جاچکے ہیں، یہ لائسنس پی ٹی آئی نے دیے، ان کی 13 سال سے حکومت تھی۔

بقیہ 11

کور کمیٹی میٹنگ میں موجود تھے۔ اسد قیصر نے دعوی کیا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کا فیصلہ بہت پہلے ہوچکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوے کے لیے کئے گئے۔

بقیہ 12

ہے۔ چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں حافظ طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک بھی شامل ہوں گے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ امتِ مسلمہ کا اتحاد عالمِ اسلام کے امن واستحکام کی ضمانت ہے۔

بقیہ 13

یاسی اختلافات کو قومی سلامتی پر اثرانداز نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ملک میں امن و استحکام کے لیے بے شمار قربانیاں دے رہی ہے، جن کا احترام ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔ قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے اتحاد، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے۔ نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے مزید کہا کہ اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے۔ لیکن قومی مفاد اور ملکی سلامتی کے معاملات پر تمام سیاسی قوتوں کو ذمہ داری کا احساس کرنا چاہیے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں اور اشتعال انگیز پروپیگنڈے پر کان نہ دھریں اور امن وامان کے قیام میں ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 14

قربانیاں دی، جب دارالخلافہ کو تبدیل کیا گیا تو ون یونٹ تھا جب صوبے بحال کیے گئے تو کوئی ریفرنڈم نہیں ہوا تھا، کوئی ووٹنگ نہیں ہوئی تھی، کراچی کو کراچی سے پوچھے بغیر سندھ کا حصہ بنایا گیا تھا۔

بقیہ 15

نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ملک کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان تبدیلی اور ترقی کی ایک متحرک قوت ہیں، اس آبادیاتی برتری کو حقیقی معاشی ثمرات میں تبدیل کرنے کے لیے پاکستان کو پائیدار اقتصادی ترقی حاصل کرنا ہوگی، نوجوانوں کے لیے ایسے مواقع پیدا کرنے میں مدد فراہم کرنا پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان طویل مدتی شراکت داری کا بنیادی مقصد رہا ہے۔

بقیہ 16

مسائل اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نیا سکول کے خستہ حال کمروں کا معائنہ بھی کیا ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سکول میں قائم محکمہ تعلیم کے بک اسٹور کا بھی جائزہ لیا اور وہاں موجود سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے خستہ حال کمروں کی مرمت، بک اسٹور کی توسیع اور طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے کمروں کی تعمیر کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں بہتری لانا اور تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم باہمی تعاون سے اقدامات کررہے ہیں، تاکہ تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بقیہ 17

روک تھام اور گاڑیوں کے کاغذات و دستاویزات سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایکسائز افسران نے آن لائن ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار اور جدید ڈیجیٹل سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ بریفنگ میں گاڑیوں کی رجسٹریشن، ملکیت کی تصدیق، ضروری دستاویزات اور متعلقہ قانونی تقاضوں سے متعلق معلومات بھی فراہم کی گئیں افسران نے منشیات کی روک تھام کے لیے محکمہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات اور اس سلسلے میں آگاہی و موثر نگرانی کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ دورے کے دوران معزز مہمانوں کو محکمہ کی خدمات اور عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، آن لائن خدمات کے فروغ اور عوامی آگاہی کے حوالے سے مختلف امور بھی پیش کیے گئے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عوام کو ٹیکس ادائیگی، گاڑیوں کی دستاویزات اور دیگر متعلقہ خدمات کے بارے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل نظام اور آگاہی اقدامات کو اہمیت دیتا ہے۔

بقیہ 18

اداروں کی کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی غیر موجودگی میں جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض سرانجام دیں گے۔

بقیہ 19

فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں، اللہ تعالی شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلی مقام دے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی دہشتگردی کر رہے ہیں ان کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔

بقیہ 20

دیا کہ وہ پاکستان کی معاشی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان برآمدات، فی کس آمدنی اور ٹیکنالوجی کے سفر میں دنیا سے پیچھے ہے جبکہ برآمدی منڈیوں تک رسائی، ٹیکنالوجی کے استعمال اور ملکی معیشت کے ڈھانچے سے متعلق چیلنجز بھی درپیش ہیں۔ ان کے مطابق برآمدات میں اضافہ حکومتی پروگرام ''اڑان پاکستان'' کی اولین ترجیح ہے اور جامعات کو اس سلسلے میں قائدانہ کردار ادا اپنانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے اور غیر یقینی صورت حال کے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں مصنوعی ذہانت روایتی نظاموں کو بدل رہی ہے اور سیاسی و معاشی استحکام کی صورت حال بھی تبدیل ہو رہی ہے۔ ایسے حالات میں اصلاحات کے لیے پرامن اور مستحکم ماحول ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس اپنی ترقی کی سمت بدلنے کے لیے وسائل موجود ہیں جس کے لئے نوجوان اس کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے جامعات پر بھی زور دیا کہ وہ حکومت کو اہم قومی مسائل کے حل کے لیے قابل عمل تجاویز فراہم کریں۔ انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ کو زندگی کی ناکامیوں سے سیکھنے اور اپنے اپنے شعبوں میں ملک وقوم کی فلاح کے لیے کام کرنے کی تلقین کی۔ کانووکیشن کی تقریب کا انعقاد جامعہ کے مرکزی کیمپس میں ہوا جس میں 66 پی ایچ ڈی سکالرز کو ڈگریاں دی گئیں جبکہ 26 انڈرگریجویٹ طلبہ کو صداتی طلائی تمغے جبکہ 28 کو چانسلر کے نقرئی تمغوں سے نوازا گیا۔ نسٹ کا ماسٹرز کانووکیشن 2026 جامعہ کے کانووکیشن ویک 2026 کے آغاز کا حصہ ہے۔ اس موقع پر ریکٹر نسٹ ڈاکٹر محمد زاہد لطیف نے فارغ التحصیل طلبہ، ان کے والدین اور اساتذہ کو مبارک باد دی اور کہا کہ گریجویشن طلبہ کی زندگی میں ایک نئے مرحلے کا آغاز ہے جس میں انہیں پیچیدہ چیلنجز کا سامنا کرنا ہوگا۔ انہوں نے تعلیمی سفر میں والدین کی قربانیوں کو بھی سراہا اور کہا کہ نسٹ طلبہ کو علمی قابلیت کے ساتھ معاشرے کی خدمت کے لیے بھی تیار کر رہی ہے۔ ڈاکٹر زاہد لطیف نے کہا کہ تیزی سے بدلتی دنیا میں صرف علم کافی نہیں بلکہ دیانت داری، راست روی اور لگن بھی کامیابی کے لیے ضروری ہیں۔ ان کے مطابق نسٹ میں تعلیم کا بنیادی مقصد شخصیت اور کردار کی تعمیر ہے جس میں اخلاقی اقدار کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت اور تیز رفتار تبدیلی کے دور میں جامعہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور قائدانہ صلاحیتوں کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے۔ خواتین گریجویٹس سے خطاب کرتے ہوئے ریکٹر نسٹ نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وہ اپنے شعبوں میں ہمت اور صلاحیت کے ساتھ قیادت کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ نسٹ خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پُرعزم ہے اور تمام گریجویٹس پر زور دیا کہ وہ معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 21

جنگ میں امن کے لیے مذاکرات کر رہا ہوں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جس سے روس مذاکرات سے دور ہوجائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ روس کو مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی ایک کوشش ہے۔ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ روس کے حوالے سے ان کا فیصلہ بہت سادہ ہے۔ میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں امن کے لیے مذاکرات کر رہا ہوں۔

بقیہ 22

کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے، سیکیورٹی فورسز نے جنگ آباد میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی فورسز نے عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ صدر آصف زرداری نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ آصف زرداری نے وطن کے دفاع کیلئے میجر وجاہت وحید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت کیا۔ صدر مملکت نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کی سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پسنی میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید نے ملکی حفاظت کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، قوم کو بہادر سپوت پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے شہید میجر کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ عزمِ استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی قلات اور پسنی میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے پر میجر وجاہت وحید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ میجر وجاہت وطن عزیز کے امن کیلئے جان نچھاور کر کے ہمیشہ کے لیے امر ہوگئے۔ شہدا کے لہو کا ہر قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ وہ ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے، قوم ان کی عظیم قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

بقیہ 23

کیمطابق مالی وسائل کی کمی کے باعث اب غزہ میں 16 لاکھ کے بجائے صرف 11 لاکھ افراد کو غذائی امداد فراہم کی جائے گی، جبکہ کھانے کی فراہمی بھی روزانہ کے بجائے ایک دن چھوڑ کر کی جائے گی۔ اسرائیلی ناکہ بندی کے باعث غزہ میں لاکھوں فلسطینیوں کا انحصار امدادی مراکز سے ملنے والی خوراک پر ہے۔ ایسے میں غذائی امداد میں کمی سے متاثرہ افراد کی مشکلات میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 24

جنرل پنجاب محمد ارشد علی فاروقی نے وفد کو پنجاب میں پراسیکیوشن کے نظام، ادارہ جاتی امور، کارکردگی اور جاری اصلاحاتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل رقعیہ عنبرین سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 25

جائے گا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجکستان کے صدر اور وزیراعظم سے ملاقاتیں بھی شیڈول ہیں، اس کے علاوہ وہ ایس سی او کے رکن ممالک کے ہم منصبوں سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اگست 2027 میں ایس سی او کے سربراہانِ مملکت کے اجلاس کی میزبانی کرے گا، جس کے لیے اسلام آباد میں تیاریاں جاری ہیں۔

بقیہ 26

جماعت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے واحد رکن پارلیمنٹ ہیں ان کو رواں سال جنوری میں قومی اسمبلی کے اسپیکر نے قائد حزبِ اختلاف مقرر کیا تھا۔

بقیہ 27

شہریوں کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق بجلی کی غیر معمولی لوڈشیڈنگ نے زندگی کے تقریباً تمام شعبوں کو متاثر کر رکھا ہے۔ ایک جانب شدید گرمی اور روزمرہ ضروریات کی مشکلات ہیں تو دوسری جانب بجلی کی عدم دستیابی نے گھریلو امور، کاروباری سرگرمیوں اور تعلیمی نظام کو بری طرح متاثر کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 48، 48 گھنٹے بجلی بند رہنا کسی بھی صورت معمول کی لوڈشیڈنگ نہیں بلکہ عوام کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنے کے مترادف ہے۔ بجلی کی طویل بندش کے باعث طلبہ خصوصاً آن لائن کلاسز لینے والے طالب علموں کو شدید تعلیمی مشکلات کا سامنا ہے۔ انٹرنیٹ، موبائل فون اور دیگر الیکٹرانک آلات چارج نہ ہونے کے باعث طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں، جبکہ امتحانات کی تیاری کرنے والے نوجوان بھی پریشانی سے دوچار ہیں۔ اسی طرح دکانداروں، چھوٹے کاروباری افراد اور محنت کش طبقے کے لیے کاروبار جاری رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ بجلی پر انحصار کرنے والے کاروبار متاثر ہونے سے نہ صرف روزگار کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں بلکہ شہریوں کے مالی نقصانات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں نے شدید ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ آخر ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی کے عوام کے ساتھ یہ امتیازی سلوک کیوں روا رکھا جا رہا ہے؟ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر صوبے کے دیگر علاقوں میں بجلی کی فراہمی کے لیے کوئی نظام موجود ہے تو لورالائی کے شہریوں کو اس بنیادی سہولت سے طویل وقت تک محروم کیوں رکھا جا رہا ہے؟ ان کے مطابق بجلی کی فراہمی میں اس قدر طویل تعطل سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے لورالائی کے عوام کو ملک کے دیگر شہریوں کے برابر بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی کوئی اہمیت ہی نہیں دی جا رہی۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام کی توجہ اس سنگین مسئلے کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کی مسلسل بندش صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ عوام کی روزمرہ زندگی، تعلیم، کاروبار اور ذہنی سکون سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کیسکو حکام فوری طور پر بجلی کی طویل بندش کا نوٹس لیں۔

بقیہ 28

کی گئیں۔ میڈیکل کیمپس میں بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کی صحت پر خصوصی توجہ دی گئی جبکہ مقامی آبادی کو صحت سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ بلوچستان کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں مقامی آبادی کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 29

اہلیت چھ ماہ کے پروگراموں کے لیے میٹرک میں کم ازکم 45 فیصد نمبر، جبکہ ایک سالہ ڈپلومہ پروگراموں کے لیے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیمی قابلیت ضروری ہے۔ تین سالہ پروگراموں کی اہلیت کے لیے انسٹی ٹیوٹ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے اسکالرشپس و مالی معاونت انسٹی ٹیوٹ اور گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) کی جانب سے طلبہ کے لیے ٹیوشن فیس میں رعایت اور اسکالرشپس، جبکہ مستحق اور باصلاحیت طلبہ کے لیے مناسب وظیفے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی اس سلسلے میں داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 نومبر 2026 ہے، جبکہ داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویوز کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا امیدوار داخلہ فارم انسٹی ٹیوٹ کے داخلہ دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں یا آن لائن ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں اس سلسلے میں مزید معلومات پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ جامعہ گوادر، سید ظہور شاہ ہاشمی ایونیو گوادر سے رابطہ کرسکتے ہیں آن لائن فارم: | داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں

بقیہ 30

اور مرمتی کام میں مصروف تھا کہ اس دوران اچانک کرنٹ لگ گیا۔ واقعے کے فوراً بعد اہلکار کو سڑک سے ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ پولیس نے واقعے کی اطلاع ملتے ہی تمام ضروری اور قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا۔

بقیہ 31

ہدایت کی کہ گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائے اور نکاسی آب کے مسائل کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دی جائیں، تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور شہر کو صاف ستھرا رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنا، نکاسی آب کے نظام کو موثر بنانا اور شہریوں کو صحت مند ماحول فراہم کرنا میونسپل کارپوریشن کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور صفائی کے امور کی نگرانی بھی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 32

یسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے، اس لیے حکومت کو خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے سفارتی کوششیں تیز کرنی چاہئیں اور ممکنہ معاشی اثرات سے نمٹنے کیلئے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔ پاکستان کسی نئی جنگ یا علاقائی تنازعے کے معاشی نقصانات برداشت کرنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ سید امان شاہ نے کہا کہ ایران سمیت ہمسایہ ممالک کے ساتھ قانونی سرحدی تجارت میں تعطل تاجروں، مزدوروں اور سرحدی علاقوں کے عوام کیلئے مشکلات پیدا کرتا ہے۔ حکومت کو قومی سلامتی اور قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تجارت کو منظم، محفوظ اور آسان بنانے کے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ مقامی روزگار اور معاشی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو خطے میں امن کے قیام، مذاکرات کے فروغ اور اقتصادی تعاون کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہیے۔ توانائی کے متبادل ذرائع، تجارتی روابط میں توسیع اور معاشی خود انحصاری پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے وسیع تر قومی مفاد کا تقاضا ہے کہ خارجہ پالیسی میں امن، علاقائی استحکام، تجارت اور عوامی معاشی تحفظ کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 33

لیے آنے والی دور دراز علاقوں کی مسکین اور نادار خواتین کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دفاتر میں مبینہ طور پر ایجنٹ مافیا سرگرم ہے جو ہر مستحق خاتون سے فی ٹوکن 1500 سے 2 ہزار روپے تک کی غیر قانونی رقم وصول کر رہا ہے۔ متاثرہ خواتین نے انکشاف کیا ہے کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی جانب سے مبینہ طور پر ایجنٹوں کے ذریعے یہ پیغام بھجوایا گیا ہے کہ جو خاتون ٹوکن کے لیے پیسے نہیں دے گی، اس کے پیسے نہیں آئیں گے۔ اس ظالمانہ اور جبری وصولی کے باعث غریب خواتین اپنی روزمرہ کی گھریلو ضرورت کا سامان اور یہاں تک کہ کانوں کی بالیاں (سونے کے زیورات) فروخت کرنے پر مجبور ہو چکی ہیں تاکہ ٹوکن خرید کر اپنی حق حلال کی امدادی رقم حاصل کر سکیں۔ عوامی، سماجی اور حلقہِ خواتین نے اس صورتحال پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت، چیئرپرسن بی آئی ایس پی اور ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صحبت پور آفس میں جاری مبینہ کرپشن اور ایجنٹ مافیا کے اس مکروہ دھندے کا فوری نوٹس لے کر ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ غریب خواتین کو اس استحصال سے نجات دلائی جا سکے۔

بقیہ 34

پرگاں صالح چوہان میں گرلز اسکول کی عدم دستیابی صاف پانی کی قلت نکاسی آب کے ناقص انتظامات اور سیلابی مشکلات کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا گیا۔ شرکا نے ہسپتالوں میں ادویات اور ایمرجنسی سہولیات کی بہتری جبکہ مزدوروں کے لیے روزگار اور فلاحی اقدامات کو بھی ترقیاتی بجٹ میں شامل کرنے پر زور دیا۔ فورم میں کمیونٹی اسکور کارڈ کے ذریعے عوامی خدمات کا جائزہ لیا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ آئندہ ترقیاتی بجٹ میں مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے فنڈز مختص کیے جائیں اور منصوبوں کی شفاف نگرانی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 35

توجہ نہیں دی جا رہی۔ امن و امان برقرار رکھنا اور مسافروں کی حفاظت یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، تاہم سکیورٹی اقدامات کے دوران مسافر گاڑیوں کی آمدورفت کو غیر ضروری طور پر طویل وقت تک روکنے سے گریز کیا جانا چاہیے۔ چیک پوسٹوں پر ایسا مؤثر نظام بنایا جائے جس کے تحت ضروری جانچ پڑتال بھی ہو اور مسافروں کو بلاوجہ انتظار کی اذیت بھی برداشت نہ کرنا پڑے۔ بس یونین رہنماں نے حکومت بلوچستان، وفاقی حکومت اور متعلقہ سکیورٹی وانتظامی حکام سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ پنجاب روٹ پر ٹائم شیڈول کے مسائل حل کیے جائیں، امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور چیک پوسٹوں پر مسافر گاڑیوں کی جانچ پڑتال کا طریقہ کار آسان اور تیز بنایا جائے تاکہ ٹرانسپورٹرز اپنے کاروبار کو بہتر انداز میں جاری رکھ سکیں اور عوام کو محفوظ، بروقت اور معیاری سفری سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 36

کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر الشواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور واقعے کی مختلف زاویوں سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 37

اٹھاتے ہوئے گرانفروشوں نے لوٹ مار مچا رکھی ہے۔ عوام نے وزیراعلی بلوچستان اور اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ گرانفروشی کا خاتمہ کرکے ضروری اشیا کی سرکاری نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے اور عوام کو ریلیف میسر آئے۔

بقیہ 38

مزار پر مذہبی نذرانہ اور مالی عطیہ بھیجا، جبکہ جاپانی حکومت کے متعدد عہدیداروں، حکمراں لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر رہنماں اور ارکان پارلیمنٹ نے بھی حالیہ دنوں میں اس مقام کا دورہ کیا۔ ماننگ نے کہا کہ یاسوکونی مزار جاپانی عسکریت پسندوں کی نظریاتی علامت ہے، جو جارحانہ جنگ کے ذمہ دار تھے۔

بقیہ 39

دونوں ممالک کی دوستی کا عملی مظہر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ منصوبے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی افراد کی فنی مہارتوں میں اضافہ ہوگا اور نئی مصنوعات کو بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی، انہوں نے کہا کہ گوادر فری زون کا بنیادی مقصد بندرگاہ کے قریب صنعتی و پیداواری سرگرمیوں کو فروغ دینا اور سرمایہ کاروں کو متعلقہ قوانین کے تحت ٹیکس وکسٹمز کی مراعات کے ساتھ کاروبار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ زراعت اور فوڈ پراسیسنگ کے شعبوں میں بلوچستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے بہتر پراسیسنگ، پیکنگ اور ذخیرہ کرنے کی سہولیات کے ذریعے معاشی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ سیکرٹری میری ٹائم افیئرز نے اس امر پر زور دیا کہ سرمایہ کاری کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچنے چاہئیں، اس لیے منصوبے کی انتظامیہ مقامی افراد کو ملازمتیں فراہم کرنے، انہیں تربیت دینے اور مقامی سپلائرز وخدمات فراہم کرنے والے اداروں کے ساتھ کاروباری روابط قائم کرنے کو ترجیح دے۔ انہوں نے کہا کہ وزارتِ بحری امور اور گوادر پورٹ اتھارٹی، حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ وفاقی اداروں کے تعاون سے سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل، بالخصوص پانی، بجلی، ذرائع آمدورفت اور انتظامی امور سے متعلق مشکلات کے حل کے لیے کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 40

لانڈرنگ کی گنجائش دے رکھی ہے۔ چیئرمین نیب کا کہنا تھا کہ گلف وار کی وجہ سے پیسہ باہر جانا رک گیا ہے، اب واپس آئے گا، لوگ باہر بچے پڑھا رہے ہیں اور یہاں ٹیکس نہیں دے رہے، باہر کے ممالک سے ہمیں جواب تک نہیں ملتا، میں یہاں آپ کے سامنے بے بسی کا اظہار کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پگڑی اچھالے بغیر کسی سے پوچھیں تو فوری لوٹی رقم واپس کر دیتا ہے، اتنا پاکستان کا بجٹ نہیں جتنی ہم ریکوری کر کے دے رہے ہیں، میری ریکوریوں میں مصالحہ شامل نہیں ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ آپ کو کیا کسی کا کٹا سر چاہیے یا پگڑیاں چاہئیں؟ میں کسی کا نام اس لیے نہیں دیتا کہ ممکن ہے وہ کل بری ہو جائے۔

بقیہ 41

اداروں کی نیک نامی میں اضافہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے مختلف شعبوں، بالخصوص تعلیم، صحت، زراعت، لائیوسٹاک اور پولیس میں بہتری کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 42

دستیاب سہولیات اور تعلیمی سرگرمیوں کے لیے عمارت کی افادیت کا جائزہ لیا بعدازاں اسکول کی ہیڈ مسٹریس بلقیس قادر نے ڈی ای او گوادر کو ادارے کی مجموعی تعلیمی صورتحال، تدریسی وانتظامی امور، طالبات کی ضروریات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈی ای او گوادر زاہد حسین نے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے، تدریسی عمل کو مؤثر بنانے اور طالبات کو سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ممکنہ اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 43

ہیں، شہدا کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔ وفاقی وزیر نے دعا کی کہ اللہ تعالی شہید کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 44

کے سرطان سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر سے متعلق آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، خواتین کو صحت کے مسائل پر بلاجھجک بات کرنے اور بروقت طبی مشورہ لینے کی ترغیب دی جائے، چھاتی کے سرطان کی علامات کو نظرانداز کرنے کے بجائے مستند طبی ماہرین سے رجوع کرنا چاہیے، خواتین کی صحت کے تحفظ کے لئے آگاہی مہمات اور طبی رہنمائی کو فروغ دینا ضروری ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے چھاتی کے سرطان کی تشخیص اور علاج کی سہولیات تک خواتین کی آسان رسائی یقینی بنانے پر زور دیا اور کہا کہ چھاتی کے سرطان سے متعلق معاشرتی جھجک اور بے بنیاد تصورات کا خاتمہ ضروری ہے، چھاتی کے سرطان سے متاثرہ خواتین کے ساتھ تعاون اور حوصلہ افزائی کا رویہ اپنانا چاہیے، چھاتی کے سرطان کے خلاف موثر جدوجہد میں طبی اداروں اور ذرائع ابلاغ کا کردار اہم ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے چھاتی کے سرطان کے خلاف آگاہی پھیلانے والے طبی ماہرین، اداروں اور سماجی کارکنوں کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ چھاتی کے سرطان سے متعلق درست معلومات خواتین کو صحت کے حوالے سے بہتر فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہیں، خواتین کی صحت کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 45

کی۔ تقریب کے دوران شرکاء کو منصوبے کے بارے میں بریفنگ دی گئی، مہمان خصوصی صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے افتتاحی فیتہ کاٹا اور مہمانان کے ہمراہ فارم کی مختلف سہولیات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بطور مہمان خصوصی صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں اور نجی شعبے کے تعاون سے صوبے کے قدرتی وسائل اور معاشی استعداد سے بھرپور فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 46

کرنے والے میجر وجاہت وحید کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر وجاہت شہید نے پاک دھرتی کی تحفظ اور ہماری امن وسکون کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے عظیم مثال قائم کی ہے۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شہید کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور 'عزمِ استحکام' کے تحت بلوچستان کو دہشت گردی سے پاک کرنے تک سکیورٹی فورسز اور عوام کا مشترکہ عزم اور جدوجہد بلا تاخیر جاری رہے گی۔

بقیہ 47

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکریٹری جنرل مولانا سید محمود شاہ نے کہا ہے کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے کردار کشی کی جا رہی ہے، تاہم پروپیگنڈا کرنے والوں کے پاس اپنے الزامات کے حق میں کوئی ٹھوس ثبوت یا دلیل موجود نہیں۔ ملتان میں قائدِ جمعیت کے کامیاب پاور شو کو حکمران ہضم نہیں کر سکے، جس کے بعد مختلف طریقوں سے ان کی شخصیت اور سیاسی کردار کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں مولانا سید محمود شاہ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن ایک قومی اور سیاسی رہنما ہیں اور ان کے خلاف بے بنیاد مہم چلانے کے بجائے سیاسی اختلافات کو دلیل اور جمہوری اصولوں کے مطابق آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر جعلی اکاؤنٹس کے ذریعے کردار کشی کرنا کسی بھی طور مناسب نہیں اور ایسے منفی ہتھکنڈوں سے جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور کارکنوں کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔ انہوں نے وفاقی حکومت کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکمران اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کے بجائے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے پر توجہ دیں۔ ان کے بقول وفاقی حکومت نے قیمتوں میں اضافے کے علاوہ اب تک کوئی قابلِ ذکر کارکردگی نہیں دکھائی، جبکہ مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ مولانا سید محمود شاہ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات براہِ راست اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑ رہے ہیں، جس سے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور معاشی مشکلات میں کمی لانا ہے، لیکن موجودہ صورتحال میں عوام کو مسلسل مہنگائی کا سامنا ہے۔ صوبائی سیکریٹری جنرل جے یو آئی بلوچستان نے ملک میں امن وامان کی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے متعدد علاقے بدامنی سے متاثر ہیں اور کئی مقامات پر شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کا قیام حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، لہٰذا اس حوالے سے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ مولانا سید محمود شاہ نے واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکن اپنے قائد مولانا فضل الرحمن کے ساتھ تھے، ہیں اور ان شاء اللہ ہمیشہ ساتھ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکن اپنی قیادت پر اعتماد رکھتے ہیں اور منفی پروپیگنڈے کے باوجود اپنے سیاسی مؤقف پر قائم رہیں گے۔

بقیہ 48

صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے قلات اور گوادر میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کو سراہتے ہوئے چار بین الاقوامی اسپانسرڈ خوارج کی ہلاکت پر فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی شدید تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں اور غیر ملکی آقاؤں کی شہ پر انارکی پھیلانے والوں کا گھیراؤ تنگ ہو چکا ہے اور ہماری افواج دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شادی کور پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر وجاہت شہید نے پاک دھرتی کی تحفظ اور ہماری امن وسکون کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے عظیم مثال قائم کی ہے۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شہید کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور 'عزمِ استحکام' کے تحت بلوچستان کو دہشت گردی سے پاک کرنے تک سکیورٹی فورسز اور عوام کا مشترکہ عزم اور جدوجہد بلا تاخیر جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ نے بتایا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشنز کا سلسلہ شروع کیا، جس کے دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا

بقیہ 49

وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ اگلے سال جون سے بجلی چوری کرنے والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوا کرے گی۔ ڈیرہ غازی خان میں فاروق احمد خان لغاری انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی توسیع کے منصوبے کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر نے کہا کہ رات کو دو گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کرکے عوام کو 6 روپے یونٹ کا بوجھ سے بچایا۔ اویس لغاری نے کہا کہ ملک بھر میں انتظامی یونٹ کے قیام کے لیے پارٹی سطح پر مشاورت ہو رہی ہے، مسلم لیگ ن نہ صرف جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبوں کے قیام کے لیے اسمبلی میں قرارداد منظور کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فاروق لغاری ایئرپورٹ غیر فعال تھا، وزیراعظم سے ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ منظور کروایا ہے، ساڑھے پانچ ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ توسیع منصوبہ جاری ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ اگلے سال کے آخر تک انٹرنیشنل ایئرپورٹ آپریشنل ہوگا، رن ویز لمبے کیے جا رہے ہیں اور رات کے وقت بھی لینڈنگ ہوگی، ڈیرہ غازی خان ڈویژن سمیت قریبی دیگر صوبوں کے اضلاع سے بھی مسافر مستفید ہوں گے۔ قبل ازیں، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے توسیعی منصوبہ کا جائزہ لیا جہاں سردار اویس لغاری کو پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی حکام نے توسیع منصوبہ پر بریفنگ دی۔ بریفنگ میں حکام نے بتایا کہ ایئرپورٹ پر رن وے کی توسیع اور رات کی لینڈنگ سے متعلق کام ہوگا، منصوبہ ڈیڑھ سال میں مکمل ہوگا، رن وے چھ ہزار فٹ سے بڑھا کر 10 ہزار فٹ کیا جا رہا ہے، رن ویز کی چوڑائی 30 سے بڑھا کر 45 میٹر کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ فاروق لغاری ایئرپورٹ گزشتہ پانچ سال سے غیر فعال ہے۔

بقیہ 50

وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ اگلے سال جون سے بجلی چوری کرنے والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوا کرے گی۔ ڈیرہ غازی خان میں فاروق احمد خان لغاری انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی توسیع کے منصوبے کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر نے کہا کہ رات کو دو گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کرکے عوام کو 6 روپے یونٹ کا بوجھ سے بچایا۔ اویس لغاری نے کہا کہ ملک بھر میں انتظامی یونٹ کے قیام کے لیے پارٹی سطح پر مشاورت ہو رہی ہے، مسلم لیگ ن نہ صرف جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبوں کے قیام کے لیے اسمبلی میں قرارداد منظور کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فاروق لغاری ایئرپورٹ غیر فعال تھا، وزیراعظم سے ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ منظور کروایا ہے، ساڑھے پانچ ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ توسیع منصوبہ جاری ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ اگلے سال کے آخر تک انٹرنیشنل ایئرپورٹ آپریشنل ہوگا، رن ویز لمبے کیے جا رہے ہیں اور رات کے وقت بھی لینڈنگ ہوگی، ڈیرہ غازی خان ڈویژن سمیت قریبی دیگر صوبوں کے اضلاع سے بھی مسافر مستفید ہوں گے۔ قبل ازیں، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے توسیعی منصوبہ کا جائزہ لیا جہاں سردار اویس لغاری کو پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی حکام نے توسیع منصوبہ پر بریفنگ دی۔ بریفنگ میں حکام نے بتایا کہ ایئرپورٹ پر رن وے کی توسیع اور رات کی لینڈنگ سے متعلق کام ہوگا، منصوبہ ڈیڑھ سال میں مکمل ہوگا، رن وے چھ ہزار فٹ سے بڑھا کر 10 ہزار فٹ کیا جا رہا ہے، رن ویز کی چوڑائی 30 سے بڑھا کر 45 میٹر کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ فاروق لغاری ایئرپورٹ گزشتہ پانچ سال سے غیر فعال ہے۔

بقیہ 51

اور بروقت کارروائیاں ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کا مظہر ہیں۔ وزیراعلی نے کہا کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم آٹھ دہشت گردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے۔ پنجپائی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش ناکام بنانا بھی سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی اور مستعدی کا ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوشکی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی اور خضدار میں 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جنہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ریاست دشمن عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور عوام کے معمولاتِ زندگی کو متاثر کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وژن عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ پائیدار امن کے قیام کے لیے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کے خاتمے اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیراعلی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان امن و استحکام کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 52

صلاح الدین مری نے ڈپٹی کمشنر اور اجلاس کے شرکاء کو آئندہ ماہ شروع ہونے والی قومی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات، تیاریوں اور متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی نے کہا کہ سرد علاقوں سے خانہ بدوش خاندانوں سمیت دیگر لوگوں کی سیوی آمد کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ پولیو مہم کے آغاز میں تقریباً 15 سے 20 دن باقی ہیں۔ اس صورتحال کے پیشِ نظر ضروری ہے کہ ابھی سے مؤثر منصوبہ بندی کی جائے اور ناڑی بینک کے مقام پر آنے والے خانہ بدوش خاندانوں کا ڈیٹا جمع کیا جائے، کیونکہ یہ خاندان سیوی شہر اور مختلف دیہی علاقوں میں قیام کرتے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خانہ بدوش خاندانوں اور نقل مکانی کرنے والی آبادیوں کے بچوں کی نشاندہی کرکے ان تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پہنچانے کے لیے جامع حکمتِ عملی مرتب کی جائے، تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہ جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو ٹیموں کی مہم کے دوران سخت نگرانی کی جائے اور متعلقہ ضلعی افسران اپنے اپنے علاقوں میں ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ باہمی رابطوں کو مؤثر بنائیں۔ انہوں نے بالخصوص دیہی علاقوں میں پولیو ٹیموں کی سکیورٹی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹیموں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود بھی انسدادِ پولیو مہم کے دوران شہری اور دیہی علاقوں کا دورہ کرکے پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور انتظامات کا جائزہ لیں گے۔

بقیہ 53

عمل واقف ایس ایچ او تعینات کیا جائے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ گنداخہ تھانہ ایک اہم جغرافیائی محلِ وقوع پر قائم ہے، جہاں سندھ کے تین اضلاع سے ملحقہ سرحدی راستوں کی نگرانی، جرائم کی روک تھام اور امن وامان برقرار رکھنا پولیس کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ ایسے حالات میں تھانے کی سربراہی ایک تجربہ کار اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افسر کے سپرد کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوامی حلقوں نے اپنے بیان میں انسپکٹر محمد پنہل جمالی کو ایس ایچ او تھانہ گنداخہ تعینات کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ علاقے کی حساس نوعیت کے پیشِ نظر ایک سینئر اور تجربہ کار افسر کی تعیناتی پولیس کی کارکردگی کو بہتر بنانے، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں پر مؤثر نظر رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے ڈی آئی جی نصیرآباد، ایس پی اوستہ محمد اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی سے اپیل کی کہ گنداخہ تھانے کی اہمیت اور مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے انسپکٹر محمد پنہل جمالی کی تعیناتی کے مطالبے پر غور کیا جائے اور میرٹ و محکمانہ ضابطوں کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ حکام اس اہم مطالبے پر سنجیدگی سے توجہ دیتے ہوئے گنداخہ میں امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔

بقیہ 54

ہے۔ پنجگور کے تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے بچے بھی اسی ملک کا مستقبل ہیں اور یہاں خدمات انجام دینے والے اساتذہ بھی اسی نظام کا اہم حصہ ہیں۔ ان کی صحت، سہولت اور مشکلات کو نظرانداز کرکے تعلیمی فیصلے کرنا کسی طور مناسب نہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ تعلیمی نظام میں تبدیلی نہیں ہونی چاہیے، لیکن تبدیلی زمینی حقائق، مقامی موسم اور متعلقہ افراد کی مشکلات کو سامنے رکھ کر ہونی چاہیے اگر بلوچستان کے مختلف علاقوں کے موسمی حالات مختلف ہیں تو تمام علاقوں کے لیے ایک جیسا تعطیلاتی نظام کیسے موزوں ہوسکتا ہم وزیراعلی بلوچستان، وزیرِ تعلیم بلوچستان، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ پنجگور میں سردیوں کی تعطیلات ختم کرنے کے فیصلے پر نظرِ ثانی کی جائے مقامی موسمی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے پنجگور کے لیے مناسب تعطیلاتی شیڈول برقرار رکھا جائے۔ اساتذہ، والدین اور مقامی تعلیمی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر فیصلہ کیا جائے اور اگر تعطیلات کے شیڈول میں تبدیلی کی گئی ہے تو اس کی وجوہات عوام کے سامنے واضح کی جائیں تعلیم صرف اسکول کی عمارت کھولنے کا نام نہیں، بلکہ سازگار ماحول میں مؤثر تدریس اور بہتر تعلیمی نتائج کا نام ہے۔ پنجگور کے اساتذہ اور طلبہ کی آواز سنی جائے۔ ان کے موسمی حالات کو سمجھا جائے اور ایسا فیصلہ کیا جائے جو تعلیم کے فروغ کے ساتھ انسانی صحت اور سہولت کا بھی تحفظ کرے۔ ہم حکومتِ بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں کہ پنجگور کی سردیوں کی تعطیلات کے معاملے پر سنجیدگی سے غور کرے اور مقامی حالات کے مطابق منصفانہ فیصلہ کیا جائے۔

بقیہ 55

پروگرام کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی جانچ پڑتال کرنا تھا جن میں رجسٹریشن کے عمل میں پیش آنے والی مشکلات مبینہ بے ضابطگیوں اور ریلیف کے حصول یا رجسٹریشن کے نام پر غیر مجاز فیسوں کی وصولی سے متعلق شکایات شامل تھیں اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرول پمپس پر موجود متعلقہ عملے سے پروگرام کے طریقہ کار اور شہریوں کو درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ رجسٹریشن کے عمل کو سہل منظم اور شفاف بنایا جائے

روزنامہ اطلاعِ عام کوئٹہ

بروز منگل 20 اکتوبر 2026ء

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ کے حوالے سے منعقدہ آن لائن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جامعہ گوادر کے پاک چین انسٹی ٹیوٹ میں فنی اور تکنیکی کورسز میں داخلوں کا آغاز

مختلف ڈپلومہ پروگرامز، اسکالرشپس اور مالی معاونت کی فراہمی، درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 نومبر ہے

گوادر (خ ن) پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، جامعہ گوادر میں موسمِ بہار 2027 کے لیے مختلف فنی، تکنیکی اور پیشہ ورانہ کورسز میں داخلوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے تین سالہ ایسوسی ایٹ ڈپلومہ، ایک سالہ ڈپلومہ اور چھ ماہ کے ڈپلومہ و سرٹیفکیٹ پروگرام پیش کیے گئے ہیں تین سالہ ایسوسی ایٹ ڈپلومہ پروگرامز سافٹ ویئر انفارمیشن ٹیکنالوجی، میری ٹائم اینڈ پورٹ مینجمنٹ لاجسٹکس اور سپلائی چین مینجمنٹ میں تخصص، ای کامرس، روبوٹکس انجینئرنگ، ٹورازم مینجمنٹ، ایک سالہ ڈپلومہ پروگرامز چینی زبان و ثقافت میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ، انگریزی زبان میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ، کنسٹرکشن انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت (AI) اور ڈیٹا سائنس چھ ماہ کے ڈپلومہ/ سرٹیفکیٹ کورسز، سرٹیفکیٹ اِن انفارمیشن ٹیکنالوجی (CIT)، کرین آپریٹر اور کار ڈرائیونگ، بوٹ مکینک اور انجن کی مرمت، جنرل اور سولر الیکٹریشن، موبائل فون کی مرمت، صحت کی دیکھ بھال اور خدمات، بیوٹیشن، شیف/ ککداخلے کی

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

محلہ گوم میں بجلی کا پول درست کرتے ہوئے کیسکو اہلکار کرنٹ لگنے سے جاں بحق

متوفی حاجی رحمت اللہ کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی

قلات (یو این اے) ضلع قلات کے علاقے محلّہ گوم میں کام کے دوران بجلی کا شدید جھٹکا (کرنٹ) لگنے سے کیسکو کا ایک اہلکار موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے اہلکار کی شناخت حاجی رحمت اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ اہلکار محلّہ گوم میں بجلی کے کھمبے پر چڑھ کر فنی خرابی دور کرنے اور مرمتی کام میں مصروف تھا کہ اس دوران اچانک کرنٹ لگ گیا۔ واقعے کے فوراً بعد اہلکار کو سڑک سے ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ پولیس نے واقعے کی اطلاع ملتے ہی تمام ضروری اور قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا۔ اہلکار موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے اہلکار کی شناخت حاجی رحمت اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ اہلکار محلّہ گوم میں بجلی کے کھمبے پر چڑھ کر فنی خرابی دور کرنے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈی ای او گوادر زاہد حسین کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول باغبازار پسنی کا دورہ، تدریسی امور کا جائزہ

اسکول کے تعلیمی معیار، نئی عمارت اور طالبات کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کی یقین دہانی

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی، تعلیمی معیار میں بہتری اور سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی و انتظامی امور کی مؤثر نگرانی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین نے گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول باغبازار پسنی کا دورہ کیا جہاں پر انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور تدریسی سرگرمیوں، طالبات کی تعلیمی کارکردگی اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طالبات سے تعلیمی امور کے حوالے سے گفتگو کی اور انہیں معیاری تعلیم کے حصول، محنت اور باقاعدگی سے تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر اسکول میں درپیش مسائل اور تعلیمی ضروریات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کی گئیں انہوں نے اسکول کی حال ہی میں تعمیر ہونے والی نئی عمارت کا بھی معائنہ کیا اور تعمیراتی معیار،

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

موجودہ حکومت کے کیسز بھی کھلے ہیں صرف تشہیر نہیں ہو رہی: چیئرمین نیب

پوچھا جاتا ہے موجودہ حکومت کے کیس کب کھولیں گے؟ کس نے کہا کیس نہیں کھلے، موجودہ حکومت کے کیس کھلے ہوئے ہیں، میرا یہ نظریہ نہیں کہ سسٹم بیٹھ چکا ہے، صرف چیلنجز ہیں

جمہوریت پسند ممالک جو ہمیں لیکچر دیتے ہیں ان کا اپنا کردار مشکوک ہے، منی لانڈرنگ مقدمات پر وہ ممالک ہمیں جواب ہی نہیں دیتے، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کے کیسز بھی کھلے ہوئے ہیں، متعلقہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کو پتہ ہے کس کس کا کیس کھلا ہے، صرف میڈیا پر ابھی تشہیر نہیں ہو رہی۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ پوچھا جاتا ہے موجودہ حکومت کے کیس کب کھولیں گے؟ کس نے کہا کیس نہیں کھلے، موجودہ حکومت کے کیس کھلے ہوئے ہیں، میرا یہ نظریہ نہیں کہ سسٹم بیٹھ چکا ہے، صرف چیلنجز ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ جمہوریت پسند ممالک جو ہمیں لیکچر دیتے ہیں ان کا اپنا کردار مشکوک ہے، منی لانڈرنگ مقدمات پر وہ ممالک ہمیں جواب ہی نہیں دیتے، ان ممالک کے قول و فعل میں زمین آسمان کا تضاد ہے، خود ان ممالک نے لوگوں کو مزید منی

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

آٹا بحران اور قیمت میں اضافہ عوام کیساتھ ظلم ہے، سید صادق آغا

حکمرانوں کو عوامی مشکلات کا احساس نہیں، آٹے کی قیمتوں پر قابو پانے کیلئے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے صوبے میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور غذائی بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بدحالی سے دوچار ہیں، ایسے حالات میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے تک پہنچ جانا غریب خاندانوں کیلئے شدید مشکلات پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کو دو وقت کی روٹی فراہم کرنے کے قابل بنانا ہے، لیکن موجودہ صورتحال میں عام آدمی کیلئے اپنے بچوں کا پیٹ پالنا بھی ایک بڑا مسئلہ بنتا جا رہا ہے متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔

جے ڈی وینس کا ایران جنگ سے نمٹنے میں امریکی ناکامیوں کا اعتراف

امریکا بعض پہلوؤں سے فیصلہ کن کامیابی حاصل کر چکا ہے نائب امریکی صدر

واشنگٹن (اے این این) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران جنگ سے نمٹنے کے معاملے میں بہت سی غلطیوں اور بنیادی نوعیت کی متعدد ناکامیوں کا اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے یہ بیان جنگ کے نتیجے میں بڑھتے ہوئے جانی و معاشی نقصانات کے حوالے سے امریکی نیوز چینل کے ایک خصوصی عوامی پروگرام میں سوالات کا جواب دیتے ہوئے دیا ہے۔ جے ڈی وینس نے امریکی فوجی تنصیبات کی سیکیورٹی کے حوالے سے اعتراف کیا کہ اس معاملے میں خامیاں موجود تھیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اوقات معلومات مجھ تک نہیں پہنچ پاتیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ہر ناکامی کو انتہائی سنجیدگی

کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی سے پارلیمانی سیکریٹری میر اصغر رند ملاقات کر رہے ہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ کیلئے جدید بکتر بند گاڑیاں پشاور پولیس کو موصول

بلٹ پروف اے پی سیز دہشت گردوں کے خلاف آپریشن اور اہم مقامات پر موجود رہیں گیں

پشاور (اے این این) وفاقی حکومت کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے جدید بکتر بند گاڑیاں حساس علاقوں میں آپریشنل فورس کے حوالے کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق 10 بلٹ پروف اے پی سیز دہشت گردوں کے خلاف آپریشن اور اہم مقامات پر موجود رہیں گیں۔ سینئر پولیس آفیسر کے مطابق پشاور کے علاوہ دوسرے اضلاع میں بھی بکتر بند گاڑیاں ضرورت پڑنے پر بھجوا سکتے ہیں۔ لوجی سے لیس گاڑیاں گورنر خیبر پختونخوا کو دی تھیں۔

ملتان: تیز رفتار کار سڑک پر رکھے ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی، 5 افراد جاں بحق

کار الٹنے کے بعد کار میں آگ لگ گئی، کہ کار میں سوار پانچوں افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے: ریسکیو حکام

ملتان (اے این این) ملتان میں تیز رفتار کار حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ملتان کے بوسن روڈ پر کار انتہائی تیز رفتاری کے باعث سڑک کے درمیان ڈیوائیڈر سے ٹکرائی اور سڑک کنارے دیوار کو توڑتے ہوئے خالی پلاٹ میں گھس گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ کار الٹنے کے بعد کار میں آگ لگ گئی اور حادثہ اس قدر خوفناک تھا کہ کار میں سوار پانچوں افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ نوجوان شجاع آباد کے رہائشی تھے جب کہ باقی 2 افراد کی شناخت نہیں ہوسکی۔

بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے خلاف گھیرا تنگ ہو چکا ہے، مینا مجید

میجر وجاہت شہید نے پاک دھرتی کی تحفظ اور ہماری امن و سکون کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے عظیم مثال قائم کی ہے

ہماری افواج دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں، قلات اور گوادر میں سکورٹی فورسز کو کارروائی پر خراج تحسین

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے قلات اور گوادر میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کو سراہتے ہوئے چار بین الاقوامی اسپانسرڈ خوارج کی ہلاکت پر فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی شدید تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں اور غیر ملکی آقاؤں کی شہ پر انارکی پھیلانے والوں کا گھیرا تنگ ہو چکا ہے اور ہماری افواج دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شادی کور پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایف سی بلوچستان کے تحت ستمبر میں 63 فری میڈیکل کیمپس، 8 ہزار سے زائد مریض مستفید

کوئٹہ (اے این این) ایف سی بلوچستان دفاعِ وطن کے ساتھ صوبے کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بھی سرگرم ہے۔ ستمبر کے دوران صوبے کے دور دراز علاقوں میں 63 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جن سے 8 ہزار 150 مریض مستفید ہوئے۔ فری میڈیکل کیمپس قلعہ سیف اللہ، ژوب، بادینی، شیرانی، مرغا فقیرزئی، پشین اور دیگر علاقوں میں لگائے گئے جہاں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کرنے کے ساتھ انہیں علاج اور ادویات بھی فراہم

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے اقدامات جاری

اوستہ محمد (اے این این) میئر میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میر مظفر خان جمالی کی خصوصی ہدایات پر شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سکندر علی تنیہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں جاری صفائی کے کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ سینٹری عملے کو صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ چیف آفیسر سکندر علی تنیہ نے عملے کو

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد کے نوجوانوں کی میرٹ پر تعیناتی خوش آئند ہے، فیصل جمالی

اوستہ محمد (اے این این) سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے اوستہ محمد میں میرٹ کی بنیاد پر تعینات ہونے والے نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرٹ پر تقرریاں نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد اور شفاف نظام کی عکاس ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نو تعینات نوجوان اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ادا کریں گے اور اپنے کردار و عمل سے

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

قطر کا نیا علاقائی دفاعی اتحاد بنانے کا منصوبہ، فوجی صلاحیتیں بڑھانے کی تیاری

دوحہ (اے این این) قطر نے اپنی فوجی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ایک نئی علاقائی دفاعی شراکت داری کا اعلان کرنے کی تیاری شروع کر دی ہے۔ قطر کے نائب وزیراعظم اور وزیرِ مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمٰن آل ثانی کے مطابق، اس شراکت داری کا مقصد ملک کی دفاعی استعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ ئی شراکت داری کے اعلان کی تیاری کر رہے ہیں

وفاقی وزارتِ تعلیم اور گوتھا اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت، مفت پریمیم سبسکرپشنز کا اعلان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزارتِ تعلیم اور گوتھا اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، جس میں گوتھا اے آئی نے پاکستانی اساتذہ کیلئے چار ہزار فری پریمیم سبسکرپشنز فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان میں تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال اور جدید تعلیمی سہولتوں کے فروغ کے لیے وفاقی وزارتِ تعلیم اور گوتھا اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی،

فرانس میں ہنگاموں پر وزیر داخلہ مستعفی ہونے کو تیار، میکرون نے پیشکش مسترد کر دی

پیرس (اے این این) فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے ملک میں پرتشدد مظاہروں کے بعد وزیر داخلہ لوراں نونیز کا استعفیٰ دینے کی پیشکش مسترد کر دی ہے۔ صدارتی دفتر کے مطابق، میکرون نے وزیر داخلہ کو پولیس اور سیکورٹی اداروں میں کمان کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے اپنے عہدے پر کام جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق، صدارتی دفتر نے پیر کو بتایا کہ میکرون نے نونیز سے یہ بھی کہا ہے کہ لوٹ مار کرنے والوں سے نمٹنے کے لیے جلد از جلد نئے طریقہ کار تیار کیے جائیں۔ میکرون کی جانب سے وزیر داخلہ کو عہدے پر برقرار رکھنے کا فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے

لورالائی میں 48 گھنٹے کی مسلسل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے شہریوں کی زندگی اجیرن ہوگئی

کیسکو کی طویل بندش کے باعث تعلیمی، تجارتی اور گھریلو سرگرمیاں شدید متاثر، شہریوں کا فوری نوٹس کا مطالبہ

لورالائی (یو این اے) لورالائی میں جنگل کا قانون یا عوام کے ساتھ ناانصافی؟ ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں بجلی کی طویل ترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی۔ 48، 48 گھنٹے بجلی کی مسلسل بندش سے طلبہ، تاجر، مزدور، ملازمین اور عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ متعلقہ حکام کی خاموشی نے عوامی تشویش اور غم و غصے میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں کیسکو کی جانب سے بجلی کی طویل بندش نے

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام آفس میں ایجنٹ مافیا کا راج

اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے نام پر مبینہ طور پر فی ٹوکن 1500 سے 2 ہزار روپے وصولی کا انکشاف

صحبت پور (یو این اے) ضلعی ہیڈکوارٹر صحبت پور میں قائم بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کا دفتر مستحق اور غریب خواتین کے لیے اذیت اور مشکلات کا مرکز بن گیا ہے، جہاں مبینہ طور پر ایجنٹ مافیا نے دندناتے ہوئے غریب خواتین کا استحصال شروع کر رکھا ہے۔ موصولہ رپورٹ کے مطابق صحبت پور کے بی آئی ایس پی دفتر میں امدادی رقوم کے حصول کے

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان خطے میں امن کیلئے سفارتی کوششیں تیز کرے، سید امان شاہ

خلیجی کشیدگی پاکستان کی معیشت اور عوام کیلئے سنگین خطرہ بن سکتی ہے، صوبائی صدر اے پی پی

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صدر سید امان شاہ نے خلیج اور مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں جنگی صورتحال اور توانائی کی تنصیبات کو لاحق خطرات پاکستان کی معیشت کیلئے سنگین مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔ پاکستان اپنی تیل کی ضروریات کا بڑا حصہ درآمد کرتا ہے، ایسے میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ملکی معیشت، روپے کی قدر، مہنگائی اور عوام کی قوتِ خرید پر براہِ راست اثر انداز ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور، ضلع بھر میں مہنگائی کا نیا طوفان، 40 کلو آٹا 6 سے 8 ہزار روپے تک پہنچ گیا

سبزی، فروٹ اور گوشت کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی خاموشی پر شدید عوامی احتجاج

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور اور اس کے گرد و نواح کے تمام علاقوں میں مہنگائی کی نئی لہر نے عوام کی چیخیں نکال دیں، جہاں بنیادی غذائی ضرورت گندم کے 40 کلوگرام آٹے کا تھیلا 6 ہزار سے لے کر 8 ہزار روپے تک کی ریکارڈ قیمت پر فروخت ہو رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور کے ہیڈکوارٹر سمیت تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل مانجھی پور، تحصیل حیردین، تحصیل سعید خان، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیاخان کے علاقوں میں منافع خوروں نے من مانے نرخ مقرر کر لیے ہیں۔ آٹے کے علاوہ سبزی، فروٹ اور گوشت کی قیمتیں بھی غریب اور دیہاڑی دار طبقے کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں۔ مقامی شہریوں نے شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی بازاروں سے مکمل طور پر لاپتہ ہیں، جس کا فائدہ

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر فری زون میں "شہزاد اینڈ شاوڈ فارم" کا قیام

زراعت، لائیو اسٹاک اور فوڈ پروسیسنگ کے فروغ سے مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع کی یقین دہانی

گوادر (خ ن) گوادر فری زون میں پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کے اشتراک سے شہزاد اینڈ شاوڈ فارم کا بنیاد رکھا گیا۔ منصوبے کو گوادر میں سرمایہ کاری، زرعی و غذائی شعبے کی ترقی اور مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ سنگِ بنیاد تقریب میں سیکرٹری وزارتِ بحری امور کیپٹن (ر) محمد خرم آغا، چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نسیم الحق ملاخیل، رکن پنجاب اسمبلی تحسین فواد، چیرمین چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی مسٹر یو بو، چیرمین ضلع کونسل گوادر شے مختار بلوچ، کاروباری شخصیات، وکلا، صحافیوں، طالبات، اساتذہ اور چینی شہریوں نے شرکت کی۔ سنگِ بنیاد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری وزارتِ بحری امور کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے شہزاد اینڈ شاوڈ فارم کی انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کی یہ شراکت داری

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی محکمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عدالت میں دورانِ سماعت سیلفیاں بنانا وکیل کو مہنگا پڑ گیا

جسٹس خادم حسین سومرو کا وکیل کی جانب سے سیلفیاں بنانے پر اظہارِ برہمی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیسز کی سماعت کے دوران وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا۔ کمرہ عدالت میں کیسز کی سماعت کے دوران جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل کو سیلفی بناتے ہوئے دیکھا تو برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب یہ کیا کر رہے ہیں آپ، کچھ خدا کا خوف کریں، یہ عدالت ہے لہذا عدالت کے ڈیکورم کا کم از کم خیال رکھیں۔ وکیل کو سیلفیاں بنانے کے معاملے پر جسٹس خادم حسین سومرو سے معذرت کرنا پڑی۔ یہ عدالت ہے لہذا عدالت کے ڈیکورم کا کم از کم خیال رکھیں۔ وکیل کو سیلفیاں بنانے کے معاملے پر جسٹس خادم حسین سومرو سے معذرت کرنا پڑی۔

گوادر فری زون میں شہزاد اینڈ شاوڈ فارم کا باضابطہ افتتاح

صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمٰن خان ملاخیل کی زیرِ صدارت گوادر میں شہزاد اینڈ شاوڈ فارم کا افتتاح

گوادر (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے گوادر کے دورہ کے موقع پر گزشتہ روز گوادر فری زون میں شہزاد اینڈ شاوڈ فارم پرائیویٹ لمیٹڈ کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں حکومت پنجاب کی رکن صوبائی اسمبلی و چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کی رکن محترمہ تحسین فواد، وفاقی سیکریٹری میری ٹائم آفیسر محمد خرم آغا، سی پیک کی کوآرڈینیٹر اسلام آباد محترمہ زارا، سی پیک کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر شہزاد، وزارت غذائی تحفظ و تحقیق کے ڈاکٹر شہلحن، ڈی جی گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز کے سابق سیکریٹری خلیل احمد اور سابق نائب صدر واجدہ سلیم سمیت دیگر حکام اور معزز مہمانوں نے شرکت

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ وقت کی اشد ضرورت ہے، میاں خان بگٹی

ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ملک و قوم کی حفاظت کو یقینی بنائیں گے

سبی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وانرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی قائدانہ صلاحیتیں بلوچستان سمیت پاکستان کو ہر مشکل سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں ملک و قوم کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کی طرف واپس لانے میں اتحادیوں کے ساتھ مل کر دن رات کوشش کی جا رہی ہیں محبِ وطن بگٹی قبائل ملک و قوم کی ترقی خوشحالی میں برابر کی شامل ہے دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ وقت کی اشد ضرورت ہے ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ملک و قوم کی حفاظت کو یقینی بنائیں گے ظہور احمد مگسی سمیت کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پی ایس عبدالرحمان بگٹی بھی موجود تھے

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل اسکول میں ابتدائی انگریزی لسانی مہارتوں کی بہتری کے لیے تعلیمی سرگرمی

روزمرہ اشیا کی مثالوں کے ذریعے طلبہ کو حروفِ تہجی اور درست تلفظ سکھایا گیا، اساتذہ کی جدید تدریسی کاوشوں کی تعریف

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبہ کو انگریزی حروفِ تہجی کی پہچان اور ان کی درست آوازیں سکھانے کے لیے ایک دلچسپ اور معلوماتی تعلیمی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ کی ابتدائی لسانی مہارتوں کو بہتر بنانا اور انہیں آسان اور عملی انداز میں سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ سرگرمی کے دوران اساتذہ حیدر علی اور محمد اکبر نے طلبہ کو انگریزی حروف کی پہچان، ان کے درست تلفظ اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ کے بارے میں آگاہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

محمود اچکزئی کا اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہونے سے انکار

اگر اڈیالہ جیل میں موجود وہ شخص جس نے مجھے قائد حزب اختلاف نامزد کیا تھا عہدہ چھوڑنے کا مطالبہ کرے گا تو مستعفی ہو جاؤں گا، محمود اچکزئی کی ساتھیوں سے بات چیت

محمود اچکزئی جو کوئٹہ میں قائم اپنی جماعت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے واحد رکن پارلیمنٹ ہیں ان کو رواں سال جنوری میں قومی اسمبلی کے اسپیکر نے قائدِ حزبِ اختلاف مقرر کیا تھا

اسلام آباد (اے این این) محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہونے سے انکار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی پاکستان تحریک انصاف کی اعلی سطح کی کمیٹی کے اس مبینہ مطالبے پر اپنے عہدے سے مستعفی نہیں ہوں گے جو اس نے ہفتے کو رات گئے تک جاری رہنے والے اجلاس میں کیا تھا۔ ایک ٹی وی چینل کے مطابق انہوں نے گزشتہ شب دیر گئے یہاں اپنی تحریک بحالی آئین کے اجلاس کے بعد اپنے گروپ کے قریبی ساتھیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، اگر اڈیالہ جیل میں موجود وہ شخص، جس نے مجھے قائد حزب اختلاف نامزد کیا تھا، مجھ سے عہدہ چھوڑنے کا مطالبہ کرے گا تو میں مستعفی ہو جاؤں گا۔ محمود اچکزئی جو کوئٹہ میں قائم اپنی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

جعفرآباد میں عوامی احتساب فورم، بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر تشویش

اوستہ محمد (اے این این) نسا ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے زیرِ اہتمام جعفرآباد میں کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم منعقد ہوا جس میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق عوامی مسائل اجاگر کیے گئے۔ فورم میں شہریوں، خواتین، مزدوروں، نوجوانوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ فورم سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر نور جہاں میمن نے کہا کہ بجٹ سازی میں مقامی آبادی کی ضروریات کو ترجیح دی جائے، کیونکہ عوامی وسائل کا بنیادی مقصد شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس موقع

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹرانسپورٹرز مسائل کے دلدل میں پھنس چکے ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

مسافر گاڑیوں کو گھنٹوں روکنے سے ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے، رہنماؤں کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، نائب صدر اقبال سرگڑھ، جنرل سیکرٹری وزیر خان اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالمتین نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹرز اس وقت مختلف مسائل کے دلدل میں پھنس چکے ہیں، بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا کاروبار دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ کوئٹہ پنجاب روٹ پر ٹائم شیڈول، امن و امان کی صورتحال، جگہ جگہ چیک پوسٹوں اور تلاشی کے نام پر مسافر گاڑیوں کو گھنٹوں روکنے جیسے مسائل نے ٹرانسپورٹرز کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں تک سفر کرنے والی مسافر گاڑیوں کو راستے میں متعدد مقامات پر روک کر طویل انتظار کروایا جاتا ہے، جس سے نہ صرف ٹرانسپورٹ کا نظام متاثر ہوتا ہے بلکہ مسافروں کو بھی شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گاڑیوں کی آمد و رفت میں تاخیر کے باعث مقررہ ٹائم شیڈول برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے، جبکہ کاروباری اخراجات میں اضافے سے ٹرانسپورٹرز پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت اور عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، لیکن ان کے مسائل پر سنجیدگی سے

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو جیلوں میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، قمبرانی روڈ پر اللہ والا چوک کے قریب فائرنگ، 55 سالہ شخص جاں بحق

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر اللہ والا چوک کے قریب فائرنگ کے ایک واقعے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت 55 سالہ عبدالظاہر ولد حفیظ اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے کے فوراً بعد لاش کو ایمبولینس کے ذریعے سول ہسپتال

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

سبی سے 14 سالہ بندیا کماری کے مبینہ اغوا کے واقعے پر روی کمار پہوجا کا اظہار مذمت

اقلیتی برادری خود کو غیر محفوظ اور بے چین محسوس کر رہی ہے، حکومتیں تحفظ یقینی بنائیں، ایم پی اے

سبی (اے این این) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر رکن بلوچستان اسمبلی روی کمار پہوجا نے کہا ہے کہ سبی سمیت بلوچستان بھر میں بسنے والے ہندو و اقلیتی برادری لاوارث نہیں سبی سے اغواء ہونے والی کم سن بچی کو فوری طور پر بازیاب کر کے والدین سمیت بلوچستان میں بسنے والی اقلیتی برادری میں پائی جانے والی بے چینی ختم کی جائے انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں کہا ہے کہ سبی سے تعلق رکھنے والی بندیا کماری ولد سنجے کمار جو انتہائی معصوم بچی ہے جس کی عمر 14 سال ہے پاکستان کے آئین و قانون میں کم عمر کی شادی جرم ہے جبکہ اس بچی کو زبردستی اغواء کر کے اسلام قبول کرایا گیا لئے صوبائی قومی اسمبلیوں سمیت سینٹ میں نمائندگی موجود ہے جو ہر فورم پر آواز بلند کرے گی

چین کی یاسوکونی مزار سے متعلق جاپانی اقدامات کی مذمت، احتجاج ریکارڈ کرا دیا

بیجنگ (یو این اے) چین نے جاپان کی جانب سے یاسوکونی مزار سے متعلق اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے جاپانی حکومت کے سامنے باضابطہ احتجاج ریکارڈ کرا دیا ہے۔ شنہوا کے مطابق چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماننگ نے پیر کو بیجنگ میں معمول کی پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ جاپانی وزیراعظم سانائے تاکاچی نے 17 اور 19 اکتوبر کو یاسوکونی

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

سبی میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی سرگرم

شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر میجر (ر) محمد الیاس کبزئی

سبی (اے این این) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ سبی سمیت گرد و نواح میں صفائی کی صورتحال کو بہتر سے بہتر بنا کر عوام کو صحت مند فضا کی فراہمی میں میونسپل کمیٹی سبی اہم رول پلے کر رہی ہے شہریوں کو صاف ستھرا ماحول کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمے داریوں میں شامل ہے صاف صفائی ہماری اسلامی تعلیمات کا بنیادی حصہ بھی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی ملک عبدالقیوم دہپال سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ڈپٹی کمشنر آفس سبی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی نے ڈپٹی کمشنر سبی سے ملاقات کی اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی نے ڈپٹی کمشنر سبی کو شہر سمیت گرد و نواح میں عملے کی قلت کا سامنا ہے

غزہ: بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر اسرائیلی فوج کی فائرنگ، بچی شہید

غزہ (اے این این) غزہ کے مغازی پناہ گزین کیمپ میں بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے بچی شہید ہو گئی۔ فلسطینی خبر رساں ایجنسی کے مطابق جنوبی غزہ کے علاقے رفح میں فلسطینیوں کے خیموں پر اسرائیلی فوجی گاڑیوں سے شدید فائرنگ کی گئی۔ 511 فلسطینی شہید اور 5 ہزار 375 زخمی ہو چکے ہیں۔

پی ایف یو جے کا 3 نومبر سے ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان

آزادی صحافت، صحافیوں کے معاشی و قانونی حقوق کا تحفظ اور واجبات کی ادائیگی تحریک کے بنیادی مطالبات ہوں گے، کراچی میں 24 گھنٹے احتجاجی کیمپ لگانے کا فیصلہ

احتجاجی تحریک کا آغاز 3 نومبر کو ملک بھر میں مظاہروں اور ریلیوں سے ہوگا، جبکہ 7 نومبر شام 4 بجے سے 8 نومبر شام 4 بجے تک کراچی پریس کلب کے باہر 24 گھنٹے کا احتجاجی کیمپ لگایا جائے گا

کوئٹہ / کراچی (اے این این) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) نے آزادی صحافت کے تحفظ، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے معاشی و قانونی حقوق کی بحالی، جبری برطرفیوں کی روک تھام اور واجب الادا تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے 3 نومبر 2026 سے ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تحریک کے پہلے مرحلے میں ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں نکالی جائیں گی، جبکہ بعد ازاں مختلف شہروں میں 24 گھنٹے کے احتجاجی کیمپ لگائے جائیں گے اور آخری مرحلے میں اسلام آباد میں مرکزی احتجاجی دھرنا دیا جائے گا۔ پی ایف یو جے کے سیکریٹری جنرل ارشد انصاری اور فیڈرل ایگزیکٹو کونسل کے اراکین کی مشاورت کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق ملک گیر احتجاجی تحریک کا فیصلہ (بقیہ 3 پی ایم،

صحت کارڈ پلس پروگرام میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس، تحقیقات شروع

نیب کی جانب سے بینک اسٹیٹمنٹس، آڈٹ رپورٹس اور وینڈر معاہدے طلب

اسلام آباد (اے این این) قومی احتساب بیورو نے خیبر پختونخوا صحت کارڈ پلس پروگرام کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس لے لیا۔ نیب نے صحت انصاف کارڈ کے سابق سی ای او ڈاکٹر ریاض تنولی نیب خیبر پختونخوا ہیڈکوارٹر طلب کر لیا۔ ڈاکٹر ریاض کو 29 اکتوبر کو نیب پشاور دفتر میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈاکٹر ریاض تنولی سے مالی سال 2023-24 میں 12 ارب روپے کے اجرا اور اخراجات کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے، جولائی 2025 سے جولائی 2026 تک 9 ارب روپے کے فنڈز بھی جانچ میں شامل ہے، صحت کارڈ پروگرام میں غیر مصدقہ اخراجات اور کلیمز سے متعلق سوالات کیے گئے ہیں بینک اسٹیٹمنٹس، آڈٹ رپورٹس اور وینڈر معاہدے طلب کر لیے گئے،

چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر بارے آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے چھاتی کے سرطان سے بچاؤ اور بروقت تشخیص کے لئے عوامی شعور اجاگر کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی بروقت تشخیص، موثر علاج اور خواتین کی صحت کے تحفظ کے لئے اہم ہے، اس کی درست معلومات اور بروقت تشخیص سے قیمتی جانیں بچا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چھاتی

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس

میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (اے این این) پسنی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اظہارِ افسوس کرتے ہوئے شہید کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ وفاقی وزیر اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے پسنی میں دھماکے کے نتیجے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے، عبدالعلیم خان کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابلِ فراموش

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

کینیڈا: البرٹا فوجی اڈے پر آتشزدگی سے 4 فوجی ہلاک، 39 زخمی

ٹورنٹو (اے این این) کینیڈا کے صوبے البرٹا میں فوجی اڈے پر آتشزدگی کے نتیجے میں 4 فوجی ہلاک اور 39 افراد زخمی ہو گئے۔ حکام کے مطابق آتشزدگی سے زخمی ہونے والے 19 افراد کی حالت تشویش ناک ہے۔ فوجی اڈے کی جھاڑیوں میں لگنے والی آگ تیز ہواؤں کے باعث پھیل کر رہائشی علاقے تک پہنچ گئی تھی۔ کینیڈین حکام کے مطابق واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں، تاہم آتشزدگی کا تعلق کسی دہشت گرد کارروائی سے نہیں ہے۔ کینیڈین وزیرِ اعظم مارک کارنی نے واقعے کو مسلح افواج کی تاریخ میں پرامن حالات کے دوران بدترین سانحات میں سے ایک قرار دیا ہے۔

开
Gwadar
202

گوادر چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ شہزاد اینڈ شاؤ فارم کے سی ای او شاؤ یونفی کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

تعلیمی ماحول کی بہتری اور طلبہ میں قائدانہ صلاحیتوں کی بیداری کے لیے اسکول چیمپئن کلب کا اہم کردار

آؤٹ آف اسکول بچوں کی واپسی، صحت و صفائی اور خود اعتمادی کے فروغ کے لیے تنظیم متحرک، تعلیمی ماہرین کی تحسین

اوتھل (یو این اے) اسکول چیمپئن کلب بچوں کی ایک منظم تنظیم ہے، جس کا بنیادی مقصد تعلیمی اداروں میں بہتری لانا، طلبہ میں قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا اور انہیں معاشرے کا ذمہ دار شہری بنانے کے لیے کردار ادا کرنا ہے۔ اسکول چیمپئن کلب کے ذریعے بچوں کو تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، جبکہ انہیں اپنے حقوق، فرائض اور سماجی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ اسکول چیمپئن کلب اسکولوں میں نظم و ضبط، صحت و صفائی، تعلیمی ماحول کی بہتری، ضرورت مند طلبہ کی معاونت اور اسکول سے باہر رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی کر کے انہیں دوبارہ تعلیمی اداروں میں داخل کروانے کے لیے بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ طلبہ کو اسکول اور کمیونٹی کی سطح پر مختلف مثبت سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ اسکول چیمپئن کلب بچوں میں خود اعتمادی، منصوبہ بندی، فیصلہ سازی، باہمی تعاون اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے بچے اپنے مسائل کی نشاندہی کرنے، ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کرنے اور دوسروں کے حقوق کا احترام کرنے کا عملی تجربہ حاصل کرتے ہیں۔ اسکول چیمپئن کلب کا تصور مختلف ممالک میں بچوں کی تعلیمی ترقی، سماجی شعور اور حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف صورتوں میں موجود ہے۔ اس کا بنیادی مقصد بچوں کو ایسا ماحول فراہم کرنا ہے

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور: رکشے میں بیٹھی دو بہنوں کا قتل، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی

پشاور (اے این این) پشاور کے علاقے یکہ توت میں رکشے پر فائرنگ کر کے دو خواتین کو قتل کرنے کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج تفتیشی ٹیم نے حاصل کر لی۔ پولیس کے مطابق دونوں خواتین آپس میں بہنیں تھیں، پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز تھانہ آغا میر جانی شاہ کی حدود گلدرہ روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم ملزم نے رکشے میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں خواتین موقع پر جاں بحق ہو گئیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ایک ملزم کو رکشے کی جانب بھاگ کر آتے اور اس میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے، فائرنگ کے بعد ملزم فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں تیس بور پستول استعمال کیا گیا جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی شناخت بھی ہو گئی ہے۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)